آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز اتوار 06 ستمبر 2020ء بمطابق 17 محرم الحرم 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 241

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

ہم اپنے شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دینگے

گورنر بلوچستان

پاکستان کی تاریخ میں 6 ستمبر کا دن بے انتہا اہمیت رکھتا ہے کیونکہ اسی تاریخ کو ہماری بہادر اور جرات مند مسلح افواج نے اپنے سے کئی گنا طاقتور دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا

وطن عزیز کا پوری کامیابی سے دفاع کر کے یہ تاریخ رقم کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ وہی دن ہے جب ہماری مٹھی بھر افواج نے جوان مردی، جرات اور بہادری کا عظیم الشان مظاہرہ کیا

نہ صرف ہماری مسلح افواج بلکہ پوری قوم نے متحد ہو کر یہ ثابت کر دیا کہ اتحاد، اتفاق اور ایمان کی طاقت کے سامنے ہتھیاروں یا تعداد کی کثرت کوئی معنی نہیں رکھتی، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ن ح ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں 6 ستمبر کا دن بے انتہا اہمیت رکھتا ہے کیونکہ اسی تاریخ کو ہماری بہادر اور جرات مند مسلح افواج نے اپنے سے کئی گنا طاقتور دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیکر وطن عزیز کا پوری کامیابی سے دفاع کر کے یہ تاریخ رقم کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ وہی دن ہے جب ہماری مٹھی بھر افواج نے جوان مردی، جرات اور بہادری کا عظیم الشان مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک ارادوں کو خاک میں ملا دیا اور مادر وطن کے دفاع کیلئے سیسہ پلائی دیوار بن

جاری نمبر 1 صفحہ 3 پر

کراچی: وزیراعظم عمران خان پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم کا کراچی کیلئے 11 سو ارب روپے کے پیکیج کا اعلان

کراچی کے مسائل کے حل کے لیے صوبائی کوآرڈینیشن عمل درآمد کمیٹی بنادی گئی، سرکلر ریلوے سمیت کراچی ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت ٹرانسپورٹ، سالڈ ویسٹ، پانی اور سیوریج سسٹم کے مسائل حل کیے جائیں گے

تمام فیصلے اسی فورم پر ہوں گے، جتنے منصوبوں کا اعلان کیا ہے اس میں ہماری کوشش ہے کہ ایک سال کے عرصے میں پہلا مرحلہ جبکہ 3 سال میں دیگر تمام مراحل مکمل کر لیے جائیں

کراچی کے عوام نے جو مشکل وقت گزارا ہے اس سے یہ بہتری سامنے آئے گی کہ جو زیر التوا مسائل تھے وہ حل کر دیے جائیں گے، وزیراعظم کی کراچی کے خصوصی دورے کے موقع پر نیوز کانفرنس

کراچی (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے آفت زدہ شہر کراچی کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لیے 11 سو ارب روپے کے پیکیج کا اعلان کر دیا جس میں وفاقی اور صوبائی حکومت دونوں تعاون کریں گی۔ کراچی کے مسائل کے حل کے لیے صوبائی کوآرڈینیشن عمل درآمد کمیٹی (پی سی آئی سی) بنائی گئی ہے، تمام فیصلے اس کمیٹی کے فورم پر ہوں گے۔ کراچی ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت ٹرانسپورٹ، سالڈ ویسٹ، پانی اور سیوریج سسٹم کے مسائل حل کیے جائیں گے، کراچی کے سرکلر ریلوے کا مصوبہ بھی اس پیکیج سے مکمل کیا جائے گا۔ ہفتہ کو کراچی کے خصوصی دورے کے موقع پر شہر کے لیے اقدامات کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی سربراہی کے بعد وزیراعظم نے سندھ کے گورنر عمران اسماعیل اور وزیراعلیٰ مراد علی شاہ کے ہمراہ نیوز کانفرنس کی۔ وزیراعظم نے کہا

جاری نمبر 2 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے سندھ کے صوبائی وزیر اچینا ڈریشیخ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں۔ رکن قومی اسمبلی میر عامر خان کھیتران بھی موجود ہیں

ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، نعیم بازئی

عوام نے اپنے بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشش کا موقع دیا ہے اپنے عملی کاموں کے ذریعے عوام کو مطمئن کریں گے، صوبائی مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن

کوئٹہ (ن ح ن) صوبائی مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ملک نعیم بازئی نے کہا ہے کہ عوام کو اپنے عملی کاموں سے مطمئن کریں گے ماضی میں جو لوگ برسر اقتدار آئے انہوں نے عوام کو بے یار و مددگار چھوڑا ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار

جاری نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ہرنائی وشاہرگ میں موٹر سائیکل حادثات پانچ افراد زخمی

ہرنائی (این این آئی) ہرنائی کوئٹہ شاہراہ پر دو مختلف مقامات شاہرگ و ہرنائی میں موٹر سائیکل حادثات

جاری نمبر 27 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں میگا منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو فائدہ پہنچے گا، نورالامین مینگل

کوئٹہ (ن ح ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نورالامین مینگل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں میگا

جاری نمبر 29 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں یوم دفاع پاکستان (آج) روایتی جوش و خروش سے منایا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں یوم دفاع پاکستان بروز اتوار کو روایتی جوش و خروش سے منایا جائے

جاری نمبر 28 صفحہ 3 پر

چھ ستمبر ان بہادر پاک فوج کے جوانوں کی یاد دلاتا ہے، عبدالکریم نوشیروانی

لاہور/کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر نائب صدر اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم

جاری نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وزیراعظم کا کراچی میں بچوں کی غذائی ضروریات کی کمی اور علاج معالجے کی سہولیات کے فقدان کے حوالے سے نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کراچی میں بچوں کی غذائی ضروریات کی کمی اور علاج

جاری نمبر 31 صفحہ 3 پر

مشیر پارلیمانی امور ڈاکٹر بابر اعوان کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی کے ممبر مقرر

اسلام آباد (این این آئی) مشیر پارلیمانی امور ڈاکٹر بابر اعوان کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی کے ممبر

جاری نمبر 33 صفحہ 3 پر

کسی کرپٹ کو این آر او کی شکل میں ریلیف نہیں دیا جائے گا، کابینہ کا فیصلہ منظر عام پر آ گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے فیصلہ کیا ہے کہ عوامی دولت لوٹنے والوں کے ساتھ ایک جیسا برتاؤ

جاری نمبر 32 صفحہ 3 پر

تیز رفتار منی ٹرک کی ٹکر سے چنگ چی رکشہ بے قابو ہو کر موٹر سائیکل سے ٹکرا گیا، 5 تکبیری ملازمین جاں بحق، 2 خواتین زخمی

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ روڈ پر تیز رفتار منی ٹرک کی ٹکر سے چنگ چی رکشہ بے قابو ہو کر موٹر

جاری نمبر 34 صفحہ 3 پر

6 ستمبر کا دن تاریخ پاکستان میں ہمیشہ ناقابل تسخیر دفاع کے طور پر یاد رکھا جائے گا، ظہور احمد بلیدی

اس دن ہمارے بہادر افواج نے ہم سے کئی گنا بڑے فوج کے حملے کو پسپا کر کے پاکستان کے وجود کو لاحق خطرات کا جوان مردی سے مقابلہ کیا، نیاز

کوئٹہ (ن ح ن) صوبائی وزیر خزانہ ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ 6 ستمبر کا دن تاریخ پاکستان میں ہمیشہ ناقابل تسخیر دفاع کے طور پر یاد رکھا جائے گا کیونکہ اس دن ہمارے بہادر افواج نے ہم سے کئی گنا بڑے فوج کے حملے کو پسپا کر کے پاکستان کے وجود کو لاحق خطرات کا جو

جاری نمبر 11 صفحہ 3 پر

ڈیرہ سے پشاور جانیوالی بائی ایس گاڑی ٹائر پھٹنے کے باعث الٹ گئی، 2 مسافر جاں بحق، ماں بیٹی سمیت 8 افراد زخمی

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ڈیرہ سے پشاور جانے والی مسافروں سے بھری بائی ایس گاڑی کھوتی کے قریب ٹائر پھٹنے کے باعث الٹ گئی، 2 مسافر جاں بحق، ماں بیٹی سمیت 8 افراد زخمی ہو گئے، زخمیوں کو سول ہسپتال ڈیرہ منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان سے پشاور جانیوالی مسافروں سے

جاری نمبر 14 صفحہ 3 پر

نواز شریف نے علاج ادھورا چھوڑ کر واپس آنے کی رضامندی ظاہر کر دی

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ہنگامی اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آ گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ہنگامی اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آ گئی۔ سابق وزیراعظم نواز شریف نے علاج ادھورا چھوڑ کر واپس آنے کی رضامندی ظاہر کر دی تاہم پارٹی رہنماؤں نے انکار کر دیا۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے صدر

جاری نمبر 10 صفحہ 3 پر

وزیراعظم عمران خان نے ایک بار پھر نواز شریف کے منصوبوں کا اعلان کیا، کھیل داس کوہستانی

کراچی (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے خطاب اور دورہ کراچی پر مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی کھیل داس کوہستانی نے اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان نے آج ایک بار پھر نواز شریف کے منصوبوں کا اعلان کیا، وزیراعظم صاحب بتائیں انہوں نے کس شہر میں کونسے نئے منصوبے کا آغاز کیا

جاری نمبر 13 صفحہ 3 پر

لاہور: وفاقی وزیر شیخ رشید احمد ہیڈ کوارٹر میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حب پل کی مضبوطی کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں، سینیٹر آغا شاہ زیب درانی

پل کے ستونوں سے ریت ہٹانے پر عائد پابندی کے باوجود وہاں سے ریت لے جائی جا رہی ہے

ضلعی انتظامیہ پل کے ستون سے بجری اور ریت اٹھانے والوں کے خلاف کارروائی کرے، چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی پلاننگ ڈویلپمنٹ اینڈ اکنامک افیئرز سینیٹر آغا شاہ زیب درانی نے کہا ہے کہ حب پل کی مضبوطی کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں پل کے ستونوں سے ریت ہٹانے پر عائد پابندی کے باوجود وہاں سے ریت لے جائی جا رہی ہے، ضلعی انتظامیہ پل کے ستون سے بجری اور ریت اٹھانے والوں کے خلاف کارروائی کرے۔ یہ بات انہوں نے چیئرمین این آئی اے سیکرٹری کیو کیشن اور سیکرٹری پلاننگ سے گفتگو کرتے

جاری نمبر 12 صفحہ 3 پر

6 ستمبر 1965 کے شہیدوں اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں، حاجی علی مدد جتک

6 ستمبر کے شہداء اور غازیوں نے جس جرأت و بہادری سے پاک وطن کا دفاع کیا آج ہمارے اسی قربانی و جذبہ کی ضرورت ہے، صدر بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ 6 ستمبر 1965 کو جب دشمن نے رات کے اندھیرے میں عالمی سرحدوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پاکستان پر حملہ کیا تو پاکستان کی افواج نے دندان شکن

جاری نمبر 15 صفحہ 3 پر

پاک بھارت سوال اقوام متحدہ سلامتی کونسل ایجنڈے پر رہے گا

ترجمان دفتر خارجہ

پاک بھارت سوال اقوام متحدہ سلامتی کونسل ایجنڈے پر رہے گا تاوقتیکہ کشمیریوں کو اقوام متحدہ کے تحت شفاف اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے نتیجہ میں ان کا حق نہیں مل جاتا

بھارت اقوام متحدہ سلامتی کونسل قراردادوں کے تحت کشمیریوں کے ناقابل تنسیخ حق خود ارادیت سے مسلسل انکاری ہے، زاہد حفیظ چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاک بھارت سوال اقوام متحدہ سلامتی کونسل ایجنڈے پر دیرینہ ایجنڈا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاک بھارت سوال اس لیے ایجنڈے پر موجود ہے کہ بھارت نے جموں و کشمیر تنازع پر اقوام متحدہ سلامتی کونسل قراردادوں پر عملدرآمد نہیں کیا۔ زاہد حفیظ چوہدری نے کہا کہ بھارت اقوام متحدہ سلامتی کونسل قراردادوں کے تحت کشمیریوں کے ناقابل تنسیخ حق خود ارادیت سے مسلسل انکاری ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاک بھارت سوال اقوام متحدہ سلامتی کونسل ایجنڈے پر رہے گا تاوقتیکہ کشمیریوں کو اقوام متحدہ کے تحت

جاری نمبر 5 صفحہ 3 پر

نواز شریف ملک کا اثاثہ ہیں انکی صحت زندگی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، مسلم لیگ (ن)

امید ہے عدلیہ انکے معالجین کی رپورٹس کو مثبت خاطر رکھے گی حکومت کو اتنا موقع دینا چاہتے تھے عوام تحریک انصاف کی حقیقت اور اصلیت کو اچھی طرح جان لیں جسے عوام جان چکے ہیں

نواز شریف ملک کا اثاثہ ہیں انکی صحت، زندگی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، علاج مکمل کرانے کے بعد معالجین کی اجازت سے واپس آئیں، مسلم لیگ (ن) کی درخواست

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے پارٹی قائد محمد نواز شریف سے علاج معالجہ مکمل کرانے اور معالجین کی اجازت سے پاکستان واپس آنے کی درخواست کرتے ہوئے کہا ہے کہ نواز شریف ملک و قوم کا اثاثہ ہیں اس لئے ان کی صحت اور زندگی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، عدلیہ نے نواز شریف کی زندگی کو لاحق سنگین خطرات کی وجہ سے بیرون ملک علاج کی اجازت دی تھی اور ہم امید کرتے ہیں کہ عدلیہ ان کے معالجین کے جائزے کی رپورٹس کو مثبت خاطر رکھے گی، ہم حکومت کو اتنا موقع دینا چاہتے تھے کہ عوام تحریک انصاف کی حقیقت اور اصلیت کو جان لیں جسے عوام جان چکے ہیں، ان کی اصلیت مرغی کے انڈے کی معیشت سے شروع ہوئی جو بکری، کٹوں کی معیشت سے ہوتی ہوئی بھینس معیشت کے تازہ شاہکار تک پہنچ گئی ہے اور لگتا ہے کہ اب یہ ملک میں پوست کی بھی کاشت کریں گے، رہبر کمیٹی کے فیصلے کے مطابق اپوزیشن کی آل پارٹیز کانفرنس 20 ستمبر کو منعقد ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار مسلم

جاری نمبر 6 صفحہ 3 پر

خواہش ہے کراچی میں ترقیاتی کام تیزی سے ہوں، ایم کیو ایم پاکستان

کراچی سے متعلق وزیراعظم نے جو بھی وعدے کئے ہیں وہ اس میگا سٹی کا حق ہیں، فیصل سبزواری

سندھ بھر میں غیر معمولی بارش کے نقصانات پر بھی بات ہوئی، اجلاس میں وفاقی اور صوبائی حکومت مل کر کراچی کے مسائل حل کرے گی، امین الحق

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کی قیادت نے کہا ہے کہ ہماری خواہش ہے کہ کراچی میں تیزی سے ترقیاتی کام شروع ہوں۔ گورنر ہاؤس کے باہر وفاقی وزیر امین الحق اور ایم کیو ایم کے سینئر رہنما فیصل سبزواری نے میڈیا سے گفتگو کی اور کہا کہ حکومت نے کراچی میں 11 سو ارب کے ترقیاتی منصوبے کا پلان کا وعدہ کیا ہے۔ فیصل سبزواری نے کہا کہ کراچی سے متعلق وزیراعظم نے جو بھی وعدے کئے ہیں وہ اس میگا سٹی کا حق ہیں۔

جاری نمبر 20 صفحہ 3 پر

تحریک بحالی پولان میڈیکل کالج کے زیر اہتمام بھوک ہڑتال وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے ہفتہ کو بھی جاری رہا

کوئٹہ (این این آئی) تحریک بحالی پولان میڈیکل کالج کے زیر اہتمام بھوک ہڑتال وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے ہفتہ کو بھی جاری رہا بھوک ہڑتال میں بیٹھے متعدد افراد کی حالت غیر ہونے پر انہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہفتہ کو بی این پی نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل جان محمد بلیدی، جمعیت نظریاتی

جاری نمبر 19 صفحہ 3 پر

پیتھ والی پارٹی بات چیت والی پارٹی کیساتھ چلنے کیلئے تیار نہیں، شیخ رشید

اے پی سی کھایا پیا منہ صاف کیا سے زیادہ کچھ نہیں ہوگی اپوزیشن جلسہ جلسہ اور جلوس جلوس تو کھیل سکتی ہے لیکن دھرنا نہیں دے سکتی، دفاع کریں گے تو وفا ہوگی، جفا کریں گے تو ایسا ہی رویہ اپنایا جائیگا

اپوزیشن فضل الرحمان کے پیچھے لگ کر اپنی سیاست عاقبت خراب نہیں کریگی، نواز شریف اگر 10 ستمبر تک واپس نہ آئے تو (ن) سے (ش) ضرور نکلے گی، وفاقی وزیر ریلوے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی والے مولانا فضل الرحمان کے پیچھے لگ کر اپنی سیاست عاقبت خراب نہیں کریں گے، آل پارٹیز کانفرنس میں نہیں فش اور کھایا پیا منہ صاف کیا سے زیادہ کچھ نہیں ہوگی، اپوزیشن جلسہ جلسہ اور جلوس جلوس تو کھیل سکتی ہے لیکن دھرنا نہیں دے سکتی، اب ان کا استقبال نہیں کیا جائے گا بلکہ دفاع کریں گے تو وفا ہوگی اور جفا کریں گے ایسا ہی رویہ اپنایا جائے گا، نواز شریف اگر 10 ستمبر تک واپس نہ آئے تو ستمبر کی صورت میں (ن) سے (ش) نکل آئے گی، مسلم لیگ (ن) کی سیاست ان کے گھر میں قید ہوگئی، پتھر والی پارٹی بات چیت والی پارٹی کے ساتھ چلنے کیلئے تیار نہیں، وزیراعظم کا دورہ کراچی تبدیلی کی امید ہے اور مرکزی، سندھ حکومت اور پاک فوج مل کر سوا سیتا ناس کو ٹھیک کرنے جا رہے ہیں، دو آدمی کی گندم اور یوریا کی ترسیل ریلوے کو مل گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریلوے ہیڈ کوارٹر میں پریس

جاری نمبر 4 صفحہ 3 پر

محکمانہ کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، اکبر حسین درانی

انٹرمیشن ڈپارٹمنٹ کو مضبوط بنانے کے لئے متعدد اقدامات اٹھائے گئے ہیں اور یہ سلسلہ کووڈ 19 صورتحال کے دوران بھی جاری رہا

سوشل میڈیا کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے جامع پروگرام ترتیب دیا گیا ہے، سیکرٹری اطلاعات و نشریات کی گفتگو

لاہور (این این آئی) سیکرٹری اطلاعات و نشریات اکبر حسین درانی نے کہا ہے کہ محکمہ کی بہتری اور مطلوبہ نتائج حاصل کرنے کے لئے نیم ورک انتہائی ضروری ہے، انہوں نے ان خیالات کا اظہار ہفتہ کے روز ریڈیو پاکستان، لاہور کے دورے کے موقع پر کیا۔ سیکرٹری اطلاعات نے کہا کہ محکمہ انٹرمیشن کی ساکھ کو مزید بہتر بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے سروے رپورٹ بھی تیار کی جا چکی ہے تاکہ حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے

جاری نمبر 17 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس، پی ٹی ٹرانسفارمیشن پلان کے حوالے سے بریفنگ دی گئی

کراچی (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت کراچی کی صورت حال پر اعلیٰ سطح اجلاس ہفتہ کو گورنر ہاؤس سندھ میں منعقد ہوا، جس میں وفاقی وزرا شبلی فراز، اسد عمر، سید علی زیدی، امین الحق، گورنر سندھ عمران اسماعیل، کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل ہمایوں عزیز، ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید، وزیراعلیٰ

جاری نمبر 18 صفحہ 3 پر

کراچی: وفاقی وزیر اسد عمر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

حملے میں ملوث افراد کسی رعایت کے حقدار نہیں ہیں، محمد خان طور

معصوم اہلکاروں کی زندگیوں سے کھیلنے والوں کو ہر صورت میں عبرت کا نشان بنا کر دم لینگے

ہمارے جوانوں کے ناحق شہادت میں ملوث انسان نہیں درندے ہیں، صوبائی وزیر صنعت و حرفت

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر صنعت و حرفت حاجی محمد خان طور اتمانخیل پارلیمانی سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات ایم پی اے سردار مسعود لونی نے اپنے مشترکہ بیان میں شمالی وزیرستان میں دہشتگردی کی کارروائی میں پاک فوج کے لیفٹیننٹ ناصر خالد اور دو فوجی جوانوں کی بم دھماکے میں شہادت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کا آفیسر اپنی ماں کا اکلوتا بیٹا تھا اور شہید کا باپ بھی ایک نڈر پولیس آفیسر تھا جنہوں نے بھی جام شہادت نوش کی تھی اب دنیا میں صرف انکی ماں رہ گئی ہے اللہ پاک انکی ماں کو صبر جمیل نصیب کرے ہم انکے غم میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے وطن پر اپنی جانیں قربان کیں اور ہمیں فخر ہے اسطرح کے سپوتوں پر انہوں نے کہا کہ حملے میں ملوث افراد کسی رعایت کے حقدار نہیں

جاری نمبر 8 صفحہ 3 پر

محمد اسلم بھوتانی نے جام خاندان کے خلاف جو الفاظ استعمال کیے ہیں اس کی ہم پرزور مذمت کرتے ہیں، سردار عبدالرحمان کھیتران

جام خاندان نے کبھی بھی لسبیلہ کے عوام پر کوئی ظلم و ستم نہیں کیا، جام خاندان نے لسبیلہ کی عوام کو ہمیشہ پیار و محبت دی ہے، بلوچستان عوامی پارٹی

اوتھل (این این آئی) ممبر قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی نے جام خاندان کے خلاف جو الفاظ استعمال کیے ہیں اس کی ہم پرزور مذمت کرتے ہیں، جام خاندان نے کبھی بھی لسبیلہ کے عوام پر کوئی ظلم و ستم نہیں کیا جام خاندان نے لسبیلہ کی عوام کو ہمیشہ پیار و محبت دی ہے۔ ان خیالات کا اظہار بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما سردار غلام فاروق لنگاؤ نے سردار رسول بخش مہری کی رہائشگاہ اوتھل میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ جام خاندان نے کبھی بھی ضلع لسبیلہ کی عوام پر کوئی

جاری نمبر 22 صفحہ 3 پر

لاہور: مسلم لیگ ن کے سیکرٹری جنرل احسن اقبال و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ: سریاب میں ہونیوالے بم دھماکے کا مقدمہ سی ٹی ڈی تھانے میں نامعلوم افراد کے خلاف درج

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے سریاب میں ہونے والے بم دھماکے کا مقدمہ سی ٹی ڈی تھانے میں ایس ایچ او پکی بیگ تھانے کی مدعیت میں نامعلوم افراد کے خلاف درج کر لیا گیا۔ کوئٹہ کے علاقے ملیح آباد میں سریاب روڈ پر واقع مسجد کے قریب ہونے والے

جاری نمبر 23 صفحہ 3 پر

مراد سعید کا کراچی کے لیے تاریخی پیکیج کے اعلان پر وزیراعظم عمران خان کا شکریہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید نے کراچی کے لیے تاریخی پیکیج کے اعلان پر وزیراعظم عمران خان کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ٹوئٹر پر جاری بیان میں مراد سعید نے لکھا کہ شکریہ عمران خان کراچی کو تاریخ کا بڑا پیکیج دینے پر، کراچی ہمیشہ سے بہترین کا مستحق تھا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وقت کرتا ہے پرورش

جاری نمبر 26 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس کی دوسری لہر آنے کا خطرہ بڑھ رہا ہے، چیئرمین سپریم کونسل ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان

بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے ذریعے ڈاکٹروں کی بھرتی کی جائے، ڈاکٹر حفیظ مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سپریم کونسل ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ حالیہ کورونا وائرس کی وبائی صورتحال میں یہ واضح ہو گیا ہے کہ صوبے کو ڈاکٹروں کی شدید قلت کا سامنا ہے، اور موجودہ بڑھتے ہوئے کیسز سے کورونا وائرس کی دوسری لہر کے آنے کا خطرہ بھی بڑھ رہا ہے مگر بدقسمتی سے صوبائی حکومت کی نااہلی کے سبب صوبے میں ڈاکٹروں کی قلت کے سدباب کیلئے تاحال کوئی عملی اقدامات نہ ہو سکیں، صوبے میں صحت کی بنیادی سہولیات بہم پہنچانے اور موجودہ وبائی صورتحال کے پیش نظر ایمرجنسی بنیادوں پر تعیناتیاں کی جائیں

جاری نمبر 21 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی کی کور کمیٹی کا اجلاس 10 ستمبر کو طلب

اجلاس میں پارٹی امور، حکومتی کارکردگی سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا جائیگا، اہم فیصلے بھی متوقع

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی کور کمیٹی کا اجلاس 10 ستمبر کو طلب۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر جام کمال خان نے پارٹی کی کور کمیٹی کا اجلاس 10 ستمبر کو کوئٹہ میں طلب کر لیا ہے اجلاس میں پارٹی امور، حکومتی کارکردگی سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا جائیگا اور اہم فیصلے بھی متوقع ہیں اجلاس میں کمیٹی کے ارکان کو شرکت یقینی بنانے کے پیغام بھی بھجوائے گئے ہیں۔

حب: حالیہ بارشوں سے لسبیلہ کینال کے ٹوٹ پھوٹ کا ازالہ، رہنما حصوں اور مرمت کا کام شروع کر دیا گیا

حب (این این آئی) حالیہ بارشوں سے لسبیلہ کینال کے ٹوٹ پھوٹ کا ازالہ، رہنما حصوں اور مرمت کا کام شروع کر دیا گیا، مرمتی کام مکمل کر کے کینال کے ذریعے پانی کی فراہمی شروع کر دی جائے گی اس حوالے سے ایکسین ایریگیشن حب عبدالجبار زہری نے میڈیا

جاری نمبر 24 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے معاملات کو وقت کے ذریعے حل نہیں کیا جا سکتا، لشکری رئیسانی

حیات بلوچ کے واقعہ پر وفاقی جماعتوں نے سنجیدگی کا مظاہرہ کیا نہ ان کی توجہ صوبے کے معاملات پر ہے

بلوچستان میں پائی جانیوالے مایوسی اور بے چینی کو طاقت کے ذریعے ختم کیا جائے جو ممکن نہیں ہے، رہنما بی این پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے معاملات کو طاقت کے ذریعے حل نہیں کیا جا سکتا، موجودہ حکومت کو صوبے کے معاملات پر خاموش رہنے کیلئے انعام میں حکومت سے نوازا گیا ہے، حیات بلوچ کے واقعہ پر وفاقی جماعتوں نے سنجیدگی کا مظاہرہ کیا نہ ان کی توجہ صوبے کے معاملات پر ہے، صوبے کے لوگ باوقار بلوچستان کیلئے ایک منظم جدوجہد کا آغاز کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز تحریک بحالی بی ایم سی کے ملازمین اور طلبہ کے تادم مرگ بھوک ہڑتالی کیمپ کے

جاری نمبر 9 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت اور تمام سیکورٹی ادارے ایک پیج پر ہیں، نور محمد دمڑ

کوئٹہ سریاب روڈ پر جمعہ کے نماز کے دوران بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک انکے خلاف جنگ جاری رہے گی

پاک فوج کے جوانوں کی شجاعت اور قربانیوں کو سلام عقیدت پیش کرتا ہوں جو ہمارے تحفظ و سلامتی کیلئے طرح اپنی جانیں نچھاور کرتے ہیں، صوبائی وزیر پی ایچ ای واسا

ہرنائی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی وزیر پی ایچ ای واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے شمالی وزیرستان میں پاک فوج کے ایک آفیسر سمیت تین جانوں پر دہشت گردوں کی جانب سے بم حملہ، انہیں شہید کرنے اور کوئٹہ سریاب روڈ پر جمعہ کے نماز کے دوران بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک انکے خلاف جنگ جاری رہے گی ملکی دفاع کیلئے پاک فوج کی قربانیاں ناقابل فراموش ہے شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کی بم حملے ایک بیواہ ماں کا اکل

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

06 ستمبر 2020ء

6 ستمبر ناقابل تسخیر دفاع

پاکستان کی تاریخ میں 6 ستمبر کا دن بے انتہا اہمیت رکھتا ہے کیونکہ اسی تاریخ کو ہماری بہادر اور جرات مند مسلح افواج نے اپنے سے کئی گنا طاقتور دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیکر وطن عزیز کا پوری کامیابی سے دفاع کر کے یہ تاریخ رقم کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ وہی دن ہے جب ہماری مٹھی بھر افواج نے جوان مردی، جرات اور بہادری کا عظیم الشان مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک ارادوں کو خاک میں ملا دیا اور مادر وطن کے دفاع کیلئے سیسہ پلائی دیوار بن گئیں۔ نہ صرف ہماری مسلح افواج بلکہ پوری قوم نے متحد ہو کر یہ ثابت کر دیا کہ اتحاد، اتفاق اور ایمان کی طاقت کے سامنے ہتھیاروں یا تعداد کی کثرت کوئی معنی نہیں رکھتی۔ آج کے دن ہمیں اس عہد کی تجدید کرنی چاہیئے کہ ہم اپنے عظیم شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دینگے اور اپنے پیارے وطن کے تحفظ، سالمیت اور دفاع کیلئے اسی جذبہ اور عزم کو ہمیشہ قائم رکھیں گے جس کا مظاہرہ پوری قوم نے 6 ستمبر 1965ء کی جنگ کے دوران کیا تھا۔ 6 ستمبر کا دن تاریخ پاکستان میں ہمیشہ ناقابل تسخیر دفاع کے طور پر یاد رکھا جائے گا کیونکہ اس دن ہمارے بہادر افواج نے ہم سے کئی گنا بڑے فوج کے حملے کو پسپا کر کے پاکستان کے وجود کو لاحق خطرات کا جوان مردی سے مقابلہ کیا اور دشمن کے عزائم کو خاک میں ملا دیا ہمارا دشمن کا روز اول سے ہی سازشیں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں اور بین الاقوامی تھتے سے پاکستان کے وجود کو ختم کرنے کے حکمت عملی پر عمل پیرا ہے جس میں اس کو ہمیشہ شکست ہوئی اور آئندہ بھی انشاء اللہ ہوگی۔ ہمارے دشمن ہمارے بہادر افواج کا سامنا نہیں کر سکتی لہذا پاکستان کو معاشی طور پر کمزور کرنے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے کبھی پاکستان کے حصے کا پانی روک کر تو کبھی پاکستان کے اندر دہشتگردی کو ہوا دے کر اور کبھی پاکستان کو عالمی سطح پر تنہا کرنے کی مزموم کوششوں میں لگا رہتا ہے۔ ترقی یافتہ اور مستحکم پاکستان ایک حقیقت ہے جس کو جھٹلایا نہیں جا سکتا، اور اس کو غیر مستحکم کرنے کی کوششیں کسی بھی سطح پر کامیاب نہیں ہو سکتی' حکومت ملک اور صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لا رہی ہے ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ ملک میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد ترقی وخوشحالی کی سمت میں ہونے والے کوششوں میں اپنا حصہ ڈالیں تا کہ ملک کو اقتصادی، معاشی، سائنسی اور ٹیکنالوجی کے میدان میں نئے بلندیوں پر لے جایا جا سکے۔ اس دن کو منانے سے ہمیں اپنے عزم اور ولولے کو تازہ دم کرنے کا موقع ملتا ہے تا کہ ملک کے مکمل تعمیر نو کیلئے کام کو نئے جزبے سے سرانجام دیا جا سکے۔

یومِ دفاع، عہدِ تجدید کا دن

چھ ستمبر 1965 ہماری عسکری اور دفاعی تاریخ کا بہت اہم ترین دن ہے۔ یہ دن جنگ ستمبر کے ان دنوں کی یاد دلاتا ہے جب پاکستان کی مسلح افواج اور پوری قوم نے بھارت کے ناپاک عزائم اور غیر اخلاقی جارحیت کے خلاف اپنی آزادی اور قومی وقار کا بہادری اور بے مثال جرت کے ساتھ دفاع کیا۔ اس مشکل وقت میں جو غیور اور بہادر پاکستانی عوام نے جو اپنی مسلح افواج کے ساتھ محبت اور یکجہتی کا مظاہرہ کیا وہ قابل ستائش تھا۔۔ 6 ستمبر 1965ء کی صبح بھارت اچانک سرزمین پاکستان پر حملہ آور ہوا۔ اس کا ارادہ تھا کہ وہ صبح کا ناشتہ لاہور کے جم خانہ میں کرے گا۔۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ جنگ انسانوی خیالات اور محض ہتھیاروں سے نہیں، بلکہ غیرت، جذبات، اور قوت ایمانی سے جیتی جاتی ہے۔ اس سترہ روزہ اس تاریخی جنگ میں اپنے سے دس گناہ بڑی طاقت کو ذلت آمیز پسپائی اور شکست پر مجبور کر کے پوری دنیا میں اس کا گھمنڈ اور تکبر خاک میں ملا دیا۔ ہماری بہادر بری، بحری اور فضائی افواج اور پوری قوم یکجان ہو کر دشمن کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن گئے۔ کوئی بھی قوم اپنے دفاع سے غافل نہیں رہ سکتی۔ دفاع جتنا مضبوط ہو قوم بھی اتنی ہی شاندار اور مضبوط ہوتی ہے۔ 1965ء میں پاکستانی قوم نے دنیا کو دیکھا دیا کہ ہم ایک زندہ قوم ہیں۔۔ ہر قوم کا ایک 6 ستمبر ہوتا ہے، جو اس کے زندہ ہونے کا ثبوت اور مثال دنیا میں قائم کرتا ہے۔۔ ہم نے 1965ء میں اپنی قوت وہمت اور زندہ ہونے کا ثبوت دے دیا تھا۔۔ اس جنگ میں جو عظیم مثالیں ہمارے بہادر جوانوں نے قائم کیں وہ دنیا کے لیے اور نئی آنے والی نسلوں کے لیے ایک مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہیں۔

آج ہمارا دشمن پہلے سے زیادہ تیاری کے ساتھ ہماری کمزوریوں سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس کے بعض ایجنٹ اسے پکار رہے ہیں۔ دشمن پاکستان میں دہشت گردی پھیلا رہا ہے۔ وہ ہمارے درمیان صاحبان علم کی لاعلمی اور تاریخ دانوں کی تاریک دانی سے فائدہ اٹھا کر مختلف ذرائع استعمال کر کے ہمارا اصلی دشمن بھارت ہمارے درمیان لسانی، علاقائی، سیاسی، صوبائی اور مذہبی تعصب پھیلا کر افراتفری، بدامنی اور دہشت گردی کو ہوا دینا چاہتا ہے۔ 6 ستمبر کا دن ہمارے اس عزم کی علامت ہے کہ اگر کسی نے ہماری سرحدوں کے تقدس کو پامال کرنے کی کوشش کی تو ہم جارحیت کو کچلنے کے لئے سر دھڑ کی بازی لگا دیں گے۔ جنگ ستمبر کا جذبہ ایک کسوٹی ہے جس پر ہم بحرانوں سے نمٹنے کے لئے اپنے کردار اور کارکردگی کو پرکھ سکتے ہیں اور عیشیت قوم اپنے رویوں اور صلاحیتوں کو جانچ سکتے ہیں۔ 1965ء کی جنگ نے جہاں ہمیں اپنے سپاہیوں کی جرأت واستقامت اور بے لوث قربانیوں کو دیکھنے کا موقع فراہم کیا وہاں اس نے ہمارے اجتماعی رویوں کے ان روشن

پہلوؤں کو بھی اجاگر کیا جن میں ملی وحدت، تنظیم، حب الوطنی اور قومی افتخار نمایاں ہیں۔ اس دن پوری قوم جارحیت کرنے والوں کو سبق سکھانے کے لئے فرد واحد کی طرح اٹھ کھڑی ہوئی۔ ہماری بہادر مسلح افواج اور عوام کے مابین ایک ایسا جذباتی رشتہ استوار کیا جو ہمیشہ دلوں کو گرماتا رہے گا۔ یہ ہمارے قومی شعور کا ایسا بھرپور اور جانفزا تجربہ ہے جو باعث افتخار بھی اور قابل تقلید بھی۔ آج ہم اپنے شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور اپنے غازیوں کے لئے سراپا سپاس ہیں ہمیں جنگ کے ایک اہم سبق کو یاد رکھنا چاہئے کہ ایمان واتحاد اور مشکل حالات کا مقابلہ کرنے اور قربانیاں دینے کے عزم وحوصلے سے ہم کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے سکتے ہیں۔ ہمارے دشمن کے بالا دستی کے عزائم میں آج بھی ذرہ برابر تبدیلی نہیں آئی۔ اس کا مقصد عملے میں اپنی بالا دستی قائم کرنا ہے۔ وہ اپنے غریب عوام کا پیٹ کاٹ کر تمام وسائل اسلحہ کے انبار لگانے میں صرف کر رہا ہے اور اپنے بجٹ کا بڑا حصہ اپنی افواج کو جدید اسلحہ سے لیس کرنے اور مہلک میزائلوں سمیت ہلاکت خیز ہتھیار تیار کرنے پر صرف کر رہا ہے۔ اس دشمن کے جارحانہ عزائم میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ گزشتہ کئی ماہ سے کنٹرول لائن کی مسلسل خلاف ورزیاں اس کی واضح دلیل ہیں۔ بھارت اس وقت خود کو طاقتور اور پاکستان کو اس کے بحرانوں کی وجہ سے بہت کمزور محسوس کر رہا ہے لیکن پاکستان کمزور نہیں ہے۔ بحرانوں میں پھنسے ہوئے ہونے کے باوجود پاکستان اپنے دفاع کی بھرپور صلاحیت سے آراستہ ہے۔

6 ستمبر 1965ء پاکستان کی قومی تاریخ میں وہ تاریخ ساز دن ہے جب قوم سو رہی تھی لیکن پاک سرحد کی نگہبان آنکھیں جاگ رہی تھیں۔ وطن کے سپاہیوں کے لئے اپنی وفاؤں کا عہد پورا کرنے کا وقت آ گیا تھا۔ ہر بچہ، جوان بوڑھا سر پر کفن باندھے اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ ملک کے دفاع کے لئے دشمن کے مقابل تھا۔ اس دن پاکستان کے شہیدوں جری جوانوں نے اپنی سرحدوں کے بہادر اور غیور پاسبانوں کی فہرست میں اپنا نام رقم کیا۔ ان کا تن، من، دھن دیس پر قربان تھا۔ اب ہر سپاہی ناقابل شکست فصیل تھا، جس نے دشمن کی پیش قدمی روک دی۔ ان کی شجاعت کے ناقابل یقین کارناموں کی کوئی نظیر پیش نہیں کی جا سکتی۔ ان کی فرض شناسی اور حب الوطنی جدید جنگوں کی تاریخ میں درخشندہ مقام پر فائز کی جا سکتی ہے۔ یہ ایک تاریخی معرکہ تھا جس میں ہمت اور حوصلوں کی بے مثال کہانیوں نے جنم لیا۔ پوری دنیا یہ دیکھ کر حیران رہ گئی کہ پاکستان کے عوام اور افواج دشمن کے عزائم کے آگے سیسہ پلائی دیوار بن گئے اور اس کے منصوبے خاک میں ملا دئے۔ افواج پاکستان کے شانہ بشانہ ایک چھوٹی مگر خوددار قوم نے ثابت کیا کہ جدید اسلحہ اور فوجی برتری ہی نہیں بلکہ قوت ایمانی، اتحاد، جرأت، اپنے مقصد پر یقین محکم اور دھرتی سے محبت ہی وہ جذبہ ہے جو کسی بھی جنگ میں کامیابی اور سرفرازی کا سبب بنتے ہیں۔ قوت ایمانی عسکری قوت پر غالب رہی اور دشمن کا خواب پورا نہ ہو سکا۔ اپنی فوجی طاقت کے نشے میں چور بھارت کے لئے پاکستانی افواج اور عوام کی جانب سے دو بے مثال جوش وجذبہ اور اتحاد کا مظاہرہ غیر متوقع تھا۔ آزمائش کی اس گھڑی نے ہمیشہ کی طرح کلمہ گو مسلمانوں متحد کر دیا تھا، پاک فوج کو فخر حاصل ہے کہ اس کے دامن میں کھلنے والے پھول وطن کی آن، بان، شان پر نچھاور ہونے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں۔ قوم کے یہ بیٹے دشمن کی سازشوں سے آگاہ ہیں۔ انہوں نے قوم کو کبھی مایوس نہیں کیا اور نہ ہی کریں گے۔ وہ اپنے اسلاف کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پاکستان کے خلاف ہونے والی اندرونی اور بیرونی سازشوں کے خلاف ڈٹے ہوئے ہیں۔ پاکستان کی تینوں افواج ہر محاذ پر برسر پیکار تھیں۔ ان افواج کو حوصلہ اور تقویت عطا کرنے میں پاکستان کی غیور عوام کا بھی نہایت اہم کردار تھا۔ وہ اپنی مسلح افواج پر اپنا سب کچھ نچھاور کرنے کے لئے تیار تھے۔ اور الحمدللہ ہر وقت وہ تن تیار ہے۔ پاک فوج زندہ باد۔

سینیٹ انتخابات کا گولڈن فگر (آخری قسط)

قادر خان یوسف زئی

تا حال الیکشن قوانین میں طے شدہ فارمولے کے مطابق ایک نشست کے حصول کے لیے لازم قرار پانے والے ووٹوں کی تعداد کے گولڈن فگر کے لیے متعلقہ صوبائی اسمبلی کے ارکان کی کل تعداد کو مذکورہ صوبے کے حصے میں آنے والی سینیٹ کی موجود خالی نشستوں سے تقسیم کیا جاتا ہے۔ اہم بات یہ کہ گولڈن فگر حاصل نہ کرنے کی صورت میں کسی بھی نشست پر انتخاب لڑنے والا امیدوار، اس نشست کے تمام امیدواروں میں سب سے زیادہ ترجیحی ووٹ حاصل کرنے کی صورت میں بھی کامیاب قرار پاتا ہے۔ دوسری صورت میں گولڈن فگر سے زائد حاصل کیے گئے ووٹ، اس سے اگلے ترجیحی امیدوار کو منتقل ہو جاتے ہیں اور ایسے ہی یہ سلسلہ آگے بڑھتا رہتا ہے۔ ووٹوں کے اس انتقال کے باعث سینیٹ انتخابات کو منتقل شدہ ووٹوں کا انتخاب بھی کہا جاتا ہے۔

پاکستان کے نظام وانصرام پر سینیٹ کے انتخابات میں امیدواروں کا چناؤ ہمیشہ سوالیہ نشان رہا ہے، کیونکہ سینیٹرز عوام کے ووٹ کے بجائے سیاسی جماعتوں کی وابستگیوں کے تحت منتخب ہوتے ہیں اور براہ راست عوام کو جوابدہ نہیں ہوتے۔ ویسے تو کئی سیاسی وانتخابی عوامل عموماً متنازع رہتے ہیں، اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آج تک کا ایک بھی وزیر اعظم اپنی آئینی مدت پوری نہیں کر سکا۔ آمریت وجمہوریت کے ملاپ سے بنے نظام میں آئینی اداروں کو فروعی مفادات کے لئے استعمال کیا جاتا رہا۔ سینیٹ کے انتخابات کا مرحلہ حکمراں جماعتوں کے لئے بڑی اہمیت کا حامل ہوتا ہے کیونکہ سینیٹ میں اکثریت نہ ہونے کے باعث اپوزیشن بل مسترد کر دیتی ہے، جیسا کہ گذشتہ دنوں ہوا۔ بل مسترد ہونے کی کئی وجوہ بیان کی جاتی ہیں تاہم حزب اقتدار وحزب اختلاف کی جانب سے الزام تراشیاں کوئی نئی بات نہیں۔

سینیٹ پارلیمان نظام کا ایک ایسا ادارہ ہے جہاں تمام صوبوں کو متناسب نمائندگی کے نام پر ایسے نمائندوں کو منتخب کیا جاتا ہے جو بیوروکریٹ، ٹیکنو کریٹ، علما مشائخ سمیت اپنے شعبے میں مہارت رکھتے ہیں، تاہم بنیادی نکتہ یہ ہے کہ سیاسی جماعتیں سینیٹ میں اپنے منتخب نمائندوں کو کامیاب تو کرا دیتی ہیں، لیکن کابینہ میں جہاں ان کی ضرورت ہوتی ہے وہاں ان کے انتخاب پر کم انحصار کیا جاتا ہے۔ غیر منتخب نمائندوں کو کابینہ میں شامل کرنے کی وجہ ان کی قابلیت ومتعلقہ شعبے میں مہارت یا اثر رسوخ قرار دیا جاتا ہے، لیکن یہاں دوہرا معیار ہے کہ حکومت جب قومی اسمبلی کے انتخاب کے لئے امیدواروں کا انتخاب کرتی ہے تو ان کی قابلیت وکسی اہم شعبے میں مہارت کے بجائے عوام میں مقبولیت یا حلقے میں موروثی سیاست میں مضبوط گرفت کو مدنظر رکھتی ہے۔ اسی طرح ایوانوں میں بھی ایسے نمائندوں کا انتخاب نہیں کر پاتی جو کابینہ کا حصہ بن کر وزیر اعظم کی اہم مشاورتی ٹیم کا حصہ بن سکیں۔ ان حالات میں جب انتخابات میں اربوں روپے خرچ کئے جاتے ہوں تو اس امر کی توقع کیوں کر کی جا سکتی ہے کہ وہ اپنی سرمایہ کاری کی واپسی مع منافع وصول نہیں کریں گے۔

سینیٹ کے انتخابات میں اراکین اسمبلی کی بڑی تعداد کا اپنی سیاسی جماعت سے ہٹ کر ایسے امیدوار (جس نے منتقل شدہ ووٹ کے لئے سرمایہ کاری کی ہو) کو ووٹ دینا اس کی حوصلہ شکنی و پارس ٹریڈنگ کا راستہ روکنے کے لئے خفیہ رائے دہی کو ختم کرنا احسن اقدام ہوگا۔ پارلیمنٹ میں ہر سیاسی جماعت کو اپنے فروعی مفاد سے بالاتر ہو کر سینیٹ میں پارس ٹریڈنگ کے خاتمے کے لئے بل کی منظوری کو سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کی نذر کرنے سے گریز کرنا ہوگا، سینیٹ میں رائے دہی کے قوانین میں اصلاحات کا عمل تمام سیاسی جماعتوں کے حق میں ہے، دیکھا جا چکا ہے کہ سینیٹ انتخابات کے موقع پر کم اکثریت رکھنے والی جماعت کامیاب ہوئی اور اس کے سیاسی مضر اثرات سے وہ جماعتیں بھی محفوظ نہیں، جنہوں نے غیر جمہوری روایات کو فروعی مفادات کے لئے فروغ دیا۔ سینیٹ انتخابات میں اصلاحات کے علاوہ ہر سیاسی جماعت ایسے اراکین کو منتخب کرائے جو اہم شعبوں میں مہارت وگراں قدر خدمات رکھتے ہوں تا کہ غیر منتخب مشیروں، معاونین اور دوہری شہریت رکھنے والوں کی ضرورت نہ پڑے اور حکومت اپنے ایجنڈے کے تحت انہی نمائندوں کی کابینہ بنائے جو آئندہ ملک وقانون کو جواب دہ بھی ہوں۔

پتھر کا زمانہ

ہم میں سے بیشتر لوگوں کو یہ معلوم نہیں ہوگا کہ دنیا کا پہلا تحریر شدہ ضابطہ قانون کب اور کیسے لکھا گیا اور کہاں موجود ہے اسکے لئے تاریخ کی کتابوں کو کھنگالنا پڑتا ہے دراصل آج کے مسائل درمسائل کے مارے لوگ اس زمانے میں ایسی باتوں کی طرف کم کم توجہ دیتے ہیں کیونکہ یہ ایک خشک موضوع ہے یا پھر اس طرف خشکی کے مارے لوگ ہی متوجہ ہوتے ہیں اس وقت پتھر کا زمانہ تھا لیکن لوگوں کے دلوں میں کچھ نہ کچھ انسانیت تھی آج جدید دور ہے مگر انسانیت کسی کسی میں ہے اب تو دلچسپی اسی کے ساتھ ہے جس سے مفادات وابستہ ہیں بہرحال بات تو پھر بھی دلچسپی کی ہے بہرحال ذرا دلچسپی ہو تو آپ بھی اپنی معلومات میں گراں قدر اضافہ کر سکتے ہیں پیرس کے مشہور زمانہ عجائب گھر لوور میں پتھر کی ایک لاٹ شیشے کے ایک بکس میں محفوظ کی گئی ہے۔ یہ لاٹ غالباً اس عجائب گھر کا سب سے نادر اور نایاب مخطوطہ ہے۔ یہ لاٹ تقریباً آٹھ فٹ لمبی اور تین فٹ موٹی ہے۔ اس کے بالائی حصے پر انتہائی بامعنی منقش کندہ کیا گیا ہے، جس میں بابل کا سب سے اہم دیوتا مردوک بڑے جاہ وجلال کے ساتھ ایک تخت پر رونق افروز ہے۔ اس کے سامنے بابل کا حکمران حمورابی نہایت ادب سے کھڑا ہے۔ وہ دائیں ہاتھ سے دیوتا کو سلام کرتے ہوئے بائیں ہاتھ کو اپنے پیٹ پر رکھے ہوئے ہے۔ دیوتا مردوک اسے ضابطہ قانون یا ضابطہ قوانین کا تحفہ عطا کر رہا ہے جو لاٹ کے نچلے زیریں حصے پر مکادی زبان میں کندہ ہے اس زبان کو دنیا کی قدیم ترین زبان ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ یہ نادر و نایاب مخطوطہ جو پتھر کی ایک لاٹ پر کندہ ہے، دراصل حمورابی کا ضابطہ قانون ہے جسے کئی مورخین دنیا کا پہلا تحریر شدہ ضابطہ قانون بھی کہتے ہیں۔ اس زمانے میں چونکہ چھاپے خانے اور اخبارات نہیں تھے لہذا سلطنت کے اہم قوانین اور احکامات کو پتھر کی لاٹوں پر کندہ کرا کے مندروں میں یا شاہراہوں پر نصب کر دیا جاتا تھا تا کہ لوگ اپنے حقوق کی قانونی حیثیت سے آگاہ رہیں۔ حمورابی کے ضابطہ قانون کی یہ لاٹ تاریخ کی سب سے پرانی لاٹ ہے۔ یہ بعض مورخین کے مطابق 1750 ق م اور بعض کے نزدیک 1788 ق م میں حمورابی کے حکم پر سپیر کے مقام پر شمس دیوتا کے مندر میں نصب کی گئی تھی۔ بارہویں صدی قبل از مسیح میں عیلام کا بادشاہ اس لاٹ کو فتح کے نشان کے طور پر اٹھا کر اپنے دارالحکومت شوش لے گیا اور وہاں نصب کر دی۔ اہل عیلام کے زوال اور شوش کی تباہی کے بعد یہ لاٹ ہزاروں من ملبوں میں دب گئی اور تین ہزار سال تک دنیا کی نظروں سے اوجھل رہی۔ 1901 میں فرانسیسی ماہرین آثار قدیمہ کو شوش کی کھدائی میں ہاتھ آئی۔ اتنی لمبی مدت گزرنے کے باوجود حیرت انگیز طور پر محفوظ رہی جبکہ اس لاٹ پر سے فقط چند مقامات سے عبارت مٹی ہوئی ہے تاہم یہ لاٹ ابھی تک اچھی حالت میں ہے۔ کہیں کہیں سے تھوڑی بہت عبارت کے مٹ جانے کی وجہ سے حمورابی کے قوانین کی تقریباً 35 شقیں یا دفعات ضائع ہو گئی ہیں۔ لیکن چونکہ اس ضابطے کی کئی اور نقلیں بھی کئی دوسرے مقامات سے بازیاب ہو چکی ہیں، اس لیے ان کی مدد سے حمورابی کا یہ ضابطہ مکمل طور پر مرتب کر لیا گیا ہے۔ اس ضابطہ میں کل 282 دفعات ہیں۔ ان دفعات کے مطابق اس ضابطہ کا ہر قانون اپنے عہد کے سماجی حالات اور ریاستی تقاضوں کی عکاسی کرتا ہے۔ بعض محققین کے نزدیک حمورابی کا ضابطہ قانون تاریخ کا پہلا ضابطہ نہیں ہے بلکہ خود عراق ہی میں آثار قدیمہ کی کھدائی کے دوران اب تک تین اور ایسے ضابطوں کا پتا لگا ہے جو حمورابی سے پیشتر نافذ العمل تھے۔ ان ضابطوں میں سب سے پرانا ضابطہ ارخموکا ہے۔ یہ ضابطہ حمورابی سے تقریباً چار سو برس پہلے وضع ہوا تھا۔ دوسرا ضابطہ قانون ریاست اشنونا میں رائج تھا، اس کی 61 دفعات تھیں، یہ بغداد کے مشرق میں عکادیوں کی ایک چھوٹی سی ریاست تھی۔ تیسرا ضابطہ قانون حمورابی کے پیش رو بادشاہ لپت اشتر نے ریاست ایسمین میں نافذ کیا تھا۔ اس کی فقط 38 دفعات پڑھی جا سکتی ہیں۔ تاہم حمورابی کا ضابطہ اپنے پیش رووں کے ان ضابطوں سے کہیں زیادہ جامع اور مبسوط تھا۔ اس ضابطہ کا آغاز ایک طویل تمہید سے ہوتا ہے جس میں شہنشاہ نے قوانین کی غرض وغایت پر روشنی ڈالی ہے۔ ضابطے میں درج حمورابی کے ان قوانین کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً املاک کے قوانین، لین دین کے قوانین، ضابطہ فوجداری کے قوانین، ازدواجی زندگی کے متعلق قوانین اور غلام وآقا کے تعلقات کے قوانین۔ ان قوانین کے مطالعے سے اس دور کی معاشرتی زندگی کے بہت سے پہلو روشن ہو جاتے ہیں۔

مثلاً یہ پتا چلتا ہے کہ بابلی لوگ محلوں اور معبدوں سے وابستہ طبقوں کے علاوہ معاشرے کے بہت سے طبقات میں بٹے ہوئے تھے۔ ان طبقات میں سے چار اہم طبقات یہ تھے۔ اشرافیہ (اویلو)، مشکنو، غلام (وردو) اور عام شہری مثلاً تاجر، کاریگر، زمیندار، کاشتکار، باغبان، مزدور، گندریے اور ملاح وغیرہ۔ اشرافیہ سے مراد شاہی خاندان کے افراد اور امرا تھے۔ مشکنو وہ طبقہ تھا جس کو (جیسے فوجی) خدمات کے عوض جاگیر اور دوسری مراعات حاصل تھیں۔ غلام عام طور پر جنگی قیدیوں میں سے بنائے جاتے تھے یا پھر سود کی وجہ سے مقروض لوگوں کو غلام بنا لیا جاتا تھا۔ لیکن غلام آزادی حاصل کر سکتے تھے۔ اس عہد میں سزا اور جزا کا تعین سماجی رتبے کے لحاظ سے کیا جاتا تھا۔ مثلاً ایک ہی جرم کی سزا غلام کے لیے ایک آزاد شہری کے مقابلے میں کہیں سخت اور زیادہ تھی۔ شاید ہندو معاشرہ نے یہیں سے اپنے قوانین مستعار لئے تھے یا پھر حمورابی ضابطے ان سے ملتے جلتے تھے یہاں ہندوؤں کی طرح حمورابی کے ان قوانین میں سب انسان برابر نہیں تھے برصغیر میں بھی ایسے ہی قوانین نافذ تھے اب تو کافی حالات بدل گئے ہیں پھر بھی آج بھی دنیا کے طبقات زدہ سماجوں کے بعض قوانین کی نظر میں تمام انسان برابر نہیں۔ حمورابی کے قوانین میں سزا کی دو قسمیں تھی۔ جسمانی سزا اور مالی سزا۔ جسمانی سزاؤں میں سب سے بڑی سزا موت تھی، جو کم از کم 35 جرائم پر دی جاتی تھی۔ یہودیوں کے قانون کی مانند حمورابی کے عہد میں بھی جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ کا قانون رائج تھا مگر اس کے ضابطے میں بعض ایسے قوانین بھی ہیں جو صرف زبانی جرائم کے خلاف بھی سزائیں تجویز کرتے ہیں۔ مثلاً اگر ایک بیٹا باپ سے کہتا کہ تم میرے باپ نہیں ہو تو اس کا ہاتھ کاٹا جا سکتا تھا۔ اتنے قدیم زمانے میں بھی مکان کرائے پر دیئے جانے کا رواج تھا۔ آج کل کی طرح اس زمانے میں بھی مکان کرائے پر دینے سے پہلے کرایہ نامہ لکھوایا جاتا تھا۔ اس کرائے نامہ پر مالک مکان، کرایہ دار اور گواہان کے دستخط ہوتے تھے۔ حمورابی کے عہد کی ایک لوح ایسی ملی ہے جس پر ایک کرایہ نامہ کندہ ہے۔ یہ دنیا کا سب سے قدیم تحریری کرایہ نامہ تسلیم کیا جاتا ہے۔ قرض اور سود کا چلن بھی عام تھا۔ قرض دار اگر قرضہ نقد ادا نہ کر سکتا تو اس کے عوض مساوی مالیت کا اناج بمعہ سود جس کی شرح بیس فیصد رائج تھی، ادا کر سکتا تھا۔ اگر کوئی قرض خواہ اپنے قرض دار سے اس سے زیادہ سود وصول کرتا اور یہ عدالت میں ثابت ہو جاتا تو تمام قرضہ ساقط ہو جاتا تھا۔ خیانت مجرمانہ ثابت ہو جانے پر خائن کو پانچ گنا جرمانہ ادا کرنا پڑتا۔ البتہ اناج کی خیانت کی سزا صرف دو گنا تک تھی۔ لین دین کے مقدمات میں گواہوں کی بڑی اہمیت تھی۔ ایسا کوئی مقدمہ قابل سماعت نہ تھا جس میں چشم دید گواہ موجود نہ ہو۔ ضابطے کے مطابق بابلی معاشرے میں شادی بموجب ایک معاہدہ تھی۔ شادی سے پہلے اگر اس معاہدے کا معاملہ باقاعدہ طور پر طے نہ پاتا تو عدالت شادی کو تسلیم نہ کرتی تھی۔ مرد اور عورت دونوں کو طلاق کا حق حاصل تھا اور طلاق بھی باقاعدہ طور پر تحریری ہوتی تھی۔ چنانچہ طلاق نامے پر مشتمل ایک لوح بھی اشریاقی کھدائیوں میں برآمد ہوئی ہے۔ پہلی بیوی کی موجودگی میں دوسری شادی کی اجازت نہ تھی۔ جہیز عورت کی ذاتی ملکیت تصور ہوتا تھا۔ اگر کوئی عورت بے اولاد مر جاتی تو اس کا جہیز اس کے والدین کو واپس کر دیا جاتا تھا۔ جائیداد نرینہ اولاد میں برابر تقسیم کی جاتی جبکہ خواتین کا حصہ ان کی شادی کے موقع پر جہیز کی صورت میں دیا جاتا تھا۔ قانون تعمیرات کی رو سے نیا تعمیر شدہ مکان اگر معمار کے غلط تعمیر کرنے یا اس کی لاپروائی سے گر جاتا تو دوبارہ تعمیر کے اخراجات معمار سے وصول کیے جاتے۔ اگر کوئی مکان تعمیراتی نقص کی وجہ سے گر جاتا اور مالک مکان اس میں دب کر مر جاتا تو معمار کی سزا موت تھی اور اگر مالک مکان کا بیٹا اس میں دب کر ہلاک ہو جاتا تو پھر معمار کے بیٹے کو قتل کیا جاتا تھا۔ ہڈی جوڑنے اور عمل جراحی کے دیگر آپریشنوں کی باقاعدہ اجرت مقرر تھی۔ مویشیوں کے علاج کے لیے بھی باقاعدہ پیشہ ور طبیب ہوتے تھے اور ضابطے میں ان کی اجرت بھی دی گئی ہے۔ اگر کوئی مویشی جراح کے ہاتھوں دوران عمل جراحت مر جاتا تو جراح کو جانور کی چوتھائی قیمت چکانا پڑتی تھی۔ حمورابی کے اس ضابطہ قانون کا اختتام اس کے ان خودستائی کلمات پر ہوتا ہے۔ میں نے دشمن کو بیخ وبن سے اکھاڑ پھینکا میں نے جنگ کا خطرہ ختم کر دیا۔ اپنی رعایا کو پرامن بستیوں میں آباد کیا تا کہ وہ دوستانہ زندگی بسر کر سکیں۔ کسی کی مجال نہ تھی کہ جو ان پر دھونس جماتا عظیم دیوتاؤں نے مجھے حکم دیا۔ پس میں وہ مہربان گڈریا بنا جس کے عصا میں خیر ہے۔ میرا سایہ رحمت میرے شہر پر ہے۔ میں نے ارض سومیر و عکاد کے باشندوں کو اپنے دل میں جگہ دی ہے۔ میں نے ان پر ان سے حکومت کی۔ میں نے اپنی طاقت سے انہیں ہر آفت سے بچایا۔ اس معاشرے میں سماجی انصاف کیلئے بہت سے قوانین موجود تھے جس سے ثابت ہوتا ہے حمورابی عہد میں بھی آج کے جدید طرز معاشرت کی خوبیاں اتم موجود تھیں۔

☆☆☆☆☆

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

شہداء کی گواہیاں

لفظ بھی بچوں کی طرح ہوتے ہیں، معصوم اور بھولے بھالے بچوں کی طرح، بہت محبت کرنے والے، لاڈ و پیار کرنے والے، ناز و ادا والے، تنگ کرنے والے، روٹھ جانے والے اور پھر بہت مشکل سے ماننے والے یا ہمیشہ کیلئے منہ موڑ لینے والے۔ کبھی تو معصوم بچوں کی طرح آپ کی گود میں بیٹھ جائیں گے پھر آپ ان کے بالوں سے کھیلیں، ان کے گال چھیڑیں تو وہ کلکاریاں مارتے ہیں، انہیں چومیں چانٹیں بہت خوش ہوتے ہیں وہ۔ آپ ان سے کسی کام کا کہیں تو وہ آمادہ ہو جاتے ہیں۔ محبت فاتح عالم جو ہے۔ کبھی تنگ کرنے پر آ جائیں تو ان کا رنگ اتو کھا ہو جاتا ہے۔ آپ ان کے پیچھے دوڑ دوڑ کر تھک جاتے ہیں لیکن وہ ہاتھ نہیں آتے کہیں دم سادھے چھپ کر بیٹھ جاتے ہیں اور آپ انہیں تلاش کرتے رہتے ہیں۔ آپ ہلکان ہوں تو ہو جائیں وہ آپ کو تنگ کرنے پر اترے ہوتے ہیں اور جب آپ کی بہت جواب دے جاتی ہے تو وہ "دیکھو میں آ گیا" کہہ کر آپ کے سامنے کھڑے مسکرانے لگتے ہیں۔

بچوں کی طرح لفظوں کے بھی بہت ناز نخرے اٹھانے پڑتے ہیں اور اگر اللہ

شال بقیہ 1

نہیں۔ انہوں نے کہا کہ نہ صرف ہماری مسلح افواج بلکہ پوری قوم نے متحد ہو کر یہ ثابت کر دیا کہ اتحاد، اتفاق اور ایمان کی طاقت کے سامنے ہتھیاروں یا تعداد کی کثرت کوئی معنی نہیں رکھتی۔ گورنر یاسمین رئیس نے زور دیا کہ آج کے دن ہمیں اس عہد کی تجدید کرنی چاہیے کہ ہم اپنے عظیم شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دینگے اور اپنے پیارے وطن کے تحفظ، سالمیت اور دفاع کیلئے اسی جذبہ اور عزم کو ہمیشہ قائم رکھیں گے جس کا مظاہرہ پوری قوم نے 6 ستمبر 1965ء کی جنگ کے دوران کیا تھا۔

شال بقیہ 2

کہ کورونا کے پھیلاؤ کے بعد فوری طور پر تیزی بنا کر اقدامات کیے اور اسی طرح ٹڈی دل کے معاملے پر بھی فوری ایکشن لیا گیا اور اب بارشوں کی وجہ سے ملک بھر میں جہاں سیلابی صورتحال ہے اس سے اسی طرح نمٹنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بارشوں کے باعث کراچی میں پیدا ہونے والے مسائل کے سبب فیصلہ کیا گیا کہ دیگر تمام مسائل کو ایک ساتھ حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جتنے منصوبوں کا اعلان کیا ہے اس میں ہماری کوشش ہے کہ ایک سال کے عرصے میں پہلا مرحلہ جبکہ 3 سال میں دیگر تمام مراحل مکمل کر لیے جائیں۔ وزیراعظم نے اعلان کیا کہ اب جو بھی فیصلے کیے جائیں گے اس کی نگرانی پروونشل کوآرڈینیشن اینڈ امپلیمینٹیشن کمیٹی (پی سی آئی سی) کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ میں کراچی کے دورے پر پہلے ہی آ جاتا لیکن ہمیں کورونا وائرس کی طرز پر فیصلوں پر عملدرآمد کے لیے ایک اسٹرکچر تشکیل دینا تھا جو وزیراعلیٰ سندھ کے ماتحت کام کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ کمیٹی میں تمام اسٹیک ہولڈرز شامل ہیں جبکہ پاک فوج کا اس میں بہت بڑا کردار ہے کیوں کہ سیلاب اور صفائی کے معاملات پر ہمیں فوج کی ضرورت ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ دنیا میں جب بھی اس طرح کی قدرتی آفت سامنے آتی ہے تو اس میں فوج سب سے آگے ہوتی ہے کیوں وہ سب سے منظم ادارہ ہے اور اس کے پاس سب سے زیادہ صلاحیت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی سی آئی سی سے فیصلے آسان ہوں گے اور رکاوٹیں دور ہوں گی اس سے اصل چیز یعنی عملدرآمد ہوگا کیوں کہ منصوبے بن جاتے ہیں لیکن اب ان پر عملدرآمد بھی ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پی سی آئی سی سے عملدرآمد ہوگا اور مانیٹرنگ کمیٹی سے سب دیکھ رہے ہوں گے جس میں وفاقی حکومت، صوبائی حکومت اور فوج شامل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب کراچی کے عوام کو بڑے مشکل حالات سے گزرنا پڑا لیکن اس سے یہ ہوا کہ جو چیزیں نہیں ہوتی تھیں انہیں حل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔

شال بقیہ 3

انہوں نے فلی ملک گل محمد، خروٹ آباد، کچلاک میں سڑک کی تعمیر کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ عوام نے اپنے بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے کو خدمت کا موقع دیا ہے اپنے قصبے کا مون کے ذریعے عوام کو مطمئن کر سکے کیونکہ ماضی میں جو لوگ اقتدار میں آئے انہوں نے عوام کے مسائل پر کوئی توجہ نہیں دی اسی لئے آج بھی عوام پانی، تعلیم، صحت، سڑکوں کی سہولتوں سے محروم ہیں انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت میری اولین ترجیح ہے میرے گھر کے دروازے 24 گھنٹے عوام کیلئے کھلے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ کچلاک سمیت اپنے حلقے کے ہر علاقے میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا جائے گا آج دونوں کا وقت نہیں گزرا ہے عوام کے ساتھ ہر وقت رابطے میں رہتا ہوں تاکہ انہیں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے انہوں نے کہا کہ علاقے میں ترقیاتی کاموں کی خود نگرانی کر رہا ہوں ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا تقریر سے خطاب کرتے ہوئے قلی کے معتبرین ملک گل محمد کاکڑ، ملک عثمان کاکڑ، حاجی اسماعیل، عالم خان کاکڑ، منیر بازئی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چالیس سالوں سے قلی میں سڑک کی تعمیر کا مسئلہ تھا سب کو یاد دہانی کرائی گئی مگر کسی بھی نمائندے نے توجہ نہیں دی ماضی میں مذہب اور قوم پرستی کے نام پر جو بھی اقتدار میں آئے پھر بھی عوام کی طرف موڑ کر نہ دیکھا نہ ہی عوام کے مسائل حل کئے مگر ملک نعیم خان بازئی اپنے عملی اقدامات سے خود کو عوام کا حقیقی نمائندہ ثابت کر رہا ہے۔

شال بقیہ 4

کانفرنس کرتے ہوئے کہا۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ ایم ایل ون کا 12 ستمبر کو انٹرنیشنل ٹینڈر جاری کر رہے ہیں، کراچی سرکلر ریلوے کو سپریم کورٹ کی ہدایات کے مطابق مکمل کریں گے، کے سی آر پر ہمیں 10 ارب کے فنڈز ملے ہیں ہم نے کے سی آر کا 11 کلومیٹر ٹریک کا ٹریک مکمل کر لیا ہے، پہلے مرحلے میں سنگل ٹریک ڈالا جائے گا اور یہ 30 دسمبر تک مکمل ہوگا اور دوسرے مرحلے میں ڈبل ٹریک ڈالا جائے گا۔ وزیراعظم عمران خان اس مہینے حسن ابدال پنجہ صاحب میں نئے ریلوے اسٹیشن، سکھوں کے مہمان خانے اور ریسٹ ہاؤس کا افتتاح کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ درآمدی گندم کی ترسیل کا کام ریلوے کو مل گیا ہے جبکہ یوریا فائیو پیٹرول مصنوعات کی ترسیل کیلئے بھی ریلوے کو ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ انہوں نے نیب کی جانب سے ریلوے کے محکمے میں بھرتیوں کے حوالے سے تحقیقات بارے سوال کے جواب میں کہا کہ نیب تحقیقات کرے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کا دورہ کراچی تبدیلی کی امید ہے، مرکزی، سندھ حکومت اور پاک فوج کراچی کے سوا ستیاناس کئے گئے کو مل کر ٹھیک کرنے جا رہے ہیں، یہ دن پاکستان میں مثبت تبدیلی کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) والے اسمبلیوں سے استعفے نہیں دیں گے، مولانا فضل الرحمان تحریری چاہتے ہیں اور یہ لکھ کر نہیں دیں گے کیونکہ ان کا اپنا ایجنڈا ہے۔

شال بقیہ 5

شفاف اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے نتیجہ میں ان کا حق نہیں مل جاتا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ اس غیر جانبدارانہ و شفاف حق استصواب رائے کی ضمانت اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی قراردادوں میں بھی دی گئی ہے۔

شال بقیہ 6

لیگ (ن) کے سیکرٹری جنرل احسن اقبال نے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں شاہد خاقان عباسی، خواجہ محمد آصف، رانا ثناء اللہ، خواجہ سعد رفیق، سردار ایاز صادق، انجینئر خرم دستگیر، مریم اورنگزیب، عظمیٰ بخاری اور دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا۔ قبل ازیں مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ان کی رہائشگاہ پر پارٹی کے مرکزی رہنماؤں کا ہنگامی مشاورتی اجلاس ہوا جس میں نواز شریف کی وطن واپسی کے عدالتی حکم، اے پی سی کے انعقاد کیلئے رہبر کمیٹی کے اجلاس اور مہنگائی سمیت ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال اور آئندہ کے حوالے سے لائحہ عمل پر مشاورت کی گئی۔

شال بقیہ 7

ہمارے تحفظ و سلامتی کیلئے طرح اپنی جانیں نچھاور کرتے ہیں۔ بلاشبہ پوری قوم انکی پشت پر کھڑی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ پاک فوج کی قربانیوں کی بدولت ملک سے دہشتگردوں اور انکے سہولت کاروں کا خاتمہ کے وقت آن پہنچا ہے اور دہشت گردوں کی کمر ٹوٹ گئی ہے اس لئے وہ پیچھے پیٹ وار کرتے ہے یا آئی ڈی کے ذریعے پاک فوج کے جوانوں کو نشانہ بنا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت عوام اور اپنے بہادر افواج کے شانہ بشانہ انکے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردوں کو انکے انجام تک پہنچانے کیلئے قوم پاک فوج کے ساتھ ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے دمڑ نے شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کے جانب سے آئی ای ڈی دھماکے میں 23 سالہ لیفٹیننٹ ناصر حسین خالد شہید، نائیک محمد عمران شہید اور سپاہی عثمان اختر شہید کے درجات کی بلندی کی دعا کی، انہوں نے کہا کہ پیچھے پیٹ وار کرنے سے دہشت گردوں کی جانب سے پاک فوج کے جوانوں کے حوصلے پست نہیں کیا جاسکتا ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب اور ایمان نہیں ہے یہ چند ٹکوں کی خاطر اپنے ملک کے فوج اور عوام کو نشانہ بنا کر پاکستان دشمنوں کو خوش کرنے کیلئے کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 8

ہیں ہمارے جوانوں کے ناحق شہادت میں ملوث! نسان نہیں درندے ہیں معصوم اہلکاروں کی زندگیوں سے کھیلنے والوں کو ہر صورت میں عبرت کا نشان بنا کر دم لینگے حکومت اپنے فوجی اہلکاروں اور عوام کو بے یارومددگار ہرگز نہیں چھوڑی گی انکی حفاظت حکومت کی آئینی و قانونی ذمہ داری میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ ان بزدلانہ حملوں میں بھارت سمیت دیگر دشمن ممالک کا ہاتھ ہے انہوں نے کہا کہ عوام شرپسندوں پر کڑی نظر رکھیں اور فوج وانتظامیہ سے تعاون جاری رکھیں ملک اور صوبے کے محب وطن عوام ملک دشمنوں کے ناپاک عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دینگے انہوں نے کہا کہ چند مٹھی بھر دہشت گردوں کو حکومت کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں کرنے دینگے اور نہ ہی انہیں اپنے عزائم کی تکمیل کی اجازت دی جائیگی انہوں نے کہا کہ بیرونی اشاروں پر ملک اور صوبے کے محب وطن عوام کی قسمت کے فیصلوں کا کوئی حق حاصل نہیں ہے انہوں نے کہا کہ ملک کے پی اور بلوچستان میں امن وترقی دشمنوں کو ترقیاتی منصوبے ہضم نہیں ہو رہے اور وہ عوام اور صوبے کی ترقی کے دشمن ہیں انہوں نے کہا کہ عوام اور حکومت کو اس طرح کے بزدلانہ حملوں سے کسی صورت ڈرایا دھمکایا نہیں جاسکتا حکومت فوج اور عوام کا عزم اس سے مزید پختہ ہوتا جا رہا ہے ہم تمام شہیدوں کے لیئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ تمام کی شہادتیں قبول فرمائے۔

شال بقیہ 9

دورے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا۔ اس موقع پر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ تعجب ہے وکس ایپ گروپس میں بلوچستان کے معاملات کو دیکھنے کے دعویدار وزیراعلیٰ کو کیوں بلوچستان کے مسائل اور بے چینی دیکھائی نہیں دے رہی ہے۔ بی ایم سی بحال تحریک کے کارکنوں پر پولیس کے ذریعے تشدد کرانے والے چند قدم کے فاصلہ پر بیٹھے ہیں مگر ان میں سے کوئی احتجاج پر بیٹھے لوگوں کے پاس نہیں آیا جن جعلی وزرائے مذاکرات کا ڈرامہ رچایا ان کی عدم سنجیدگی سے محسوس ہوا کہ یہ بات کرنا نہیں چاہتے تھے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ لوگ بااختیار نہیں ہیں انہیں اقتدار بطور انعام بلوچستان کے مسائل پر خاموش رہنے کیلئے دیا گیا ہے تاکہ بلوچستان میں پائی جانیوالے مایوسی اور بے چینی کو طاقت کے ذریعے ختم کیا جائے جو ممکن نہیں ہے سازشیں کرنے والی سلیکٹڈ صوبائی حکومت کی ڈوریں ان لوگوں کے ہاتھوں میں ہیں جو انہیں منتخب کرا کے اقتدار میں لائے ہیں۔

شال بقیہ 10

محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ان کی رہائشگاہ پر اہم مشاورتی اجلاس ہوا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس کے دوران مسلم لیگ (ن) کے تمام صوبائی عہدیداران نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران سابق وزیراعظم نواز شریف نے علاج ادھورا چھوڑ کر واپس آنے کی رضامندی ظاہر کر دی جبکہ سینئر لیگی ارکان نے انکار کر دیا۔ اجلاس کے دوران نواز شریف کی واپسی پر کوئی رضامند نہیں ہوا اور مطالبہ کیا کہ جب تک آپ مکمل صحتیاب نہ ہوں آپ پاکستان واپس نہ آئیں۔ اجلاس کے دوران لیگی صدر شہباز شریف نے مسلم لیگ ن کے تاحیات قائد نواز شریف کو ٹیلی فون پر ملک بھر کے لیگی عہدیداران کے فیصلوں کے حوالے سے آگاہ کیا۔

شال بقیہ 11

ان مردی سے مقابلہ کیا اور دشمن کے عزائم کو خاک میں ملا دیا ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم دفاع سے متعلق ایک پیغام میں کیا انہوں نے کہا کہ ہمارا دشمن کا روز اول سے ہی سازشیں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں اور بین الاقوامی تقطے سے پاکستان کے وجود کو ختم کرنے کے حکمت عملی پر عمل پیرا ہے جس میں اس کو ہمیشہ شکست ہوئی اور آئندہ بھی انشاء اللہ ہو گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ہمارے دشمن ہمارے بہادر افواج کا سامنا نہیں کر سکتی لہذا پاکستان کو معاشی طور پر کمزور کرنے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے کبھی پاکستان کے حصے کا پانی روک کر تو کبھی پاکستان کے اندر دہشتگردی کو ہوا دے کر اور کبھی پاکستان کو عالمی سطح پر تنہا کرنے کی مزموم کوششوں میں لگا رہتا ہے۔

شال بقیہ 12

ہوئے بھی انہوں نے حب پل کی موجودہ صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے این ایچ اے حکام سیکرٹری پلاننگ سے پل از سر نو سروے کروانے پل کے ستونوں کے گرد حفاظتی دیوار تعمیر کرنے کے ساتھ ساتھ اس بات کو یقینی بنانے کا بھی مطالبہ کیا کہ پل کسی حادثے کا شکار نہ ہو اس بات کو بھی یقینی بنایا جائے۔

شال بقیہ 13

ہے؟ ستمبر 2018 میں 162 ارب کا کراچی پیکیج کا اعلان کیا، کتنے خرچ ہوئے؟۔ انہوں نے کہا کہ اسد عمر نے ایک پیسہ خرچ نہ کرنے کا اعتراف کیا، شہباز شریف کا دورہ کراچی وزیراعظم کے لئے تکلیف دہ ہو گیا ہے، آج تک کسی ایک منصوبے کی اینٹ تک نہیں رکھی گئی؟۔ کراچی کو سرکلر ریلوے نواز شریف دے کر گئے، کراچی کو پرامن شہر بھی نواز شریف نے بنایا، وزیراعظم نے سوالوں سے بچنے کے لئے مقامی میڈیا کو کہیں بلایا، پیکیج 1100 لگتا ہے زیرو زیرو ہی ہو جائے گا، ٹرانسپورٹ اور پانی کے منصوبے کے فور مسلم لیگ ن نے آغاز کیا، پہلے تاریخ پر تاریخ دیتے رہے اب حکومت کے خاتمہ تک کی تاریخ دیدی گئی ہے، اعلانوں اور تقریروں سے منصوبے مکمل نہیں ہوتے، یہ ایک میڈیا شو تھا۔

شال بقیہ 14

بھری ہائی ایس گاڑی کھوئی کے قریب ٹائر پھٹنے کے باعث ڈرائیور سے بے قابو ہو کر الٹ گئی۔ حادثے کے نتیجے میں 2 افراد مسیح اللہ ولد اکرام اللہ سکنہ ہنوئی وزیرستان اور ایک نامعلوم شخص جاں بحق ہو گئے جبکہ بس لاڈا دختر خیال محمد، جمالہ بی بی زوجہ خیال محمد، داؤد خان، غلام جیلانی سمیت 8 افراد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد فراہمی کیلئے سول ہسپتال ڈیرہ منتقل کر دیا گیا جہاں بعض افراد کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔

شال بقیہ 15

جواب دیتے ہوئے دشمن کو دھول چٹا دی اب بھی وقت آیا تو افواج پاکستان وطن عزیز کے تحفظ میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھے گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کے شہدا اور غازیوں نے جس جرات و بہادری سے مادر وطن کا دفاع کیا آج پھر سے ہمیں اسی قربانی و جذبہ کی ضرورت ہے اس دن پاک افواج کے بہادر سپوتوں نے دشمن کو کاری ضرب لگا کر منہ توڑ جواب دیا جو رہتی دنیا تک اسے یاد رہے گا ہمیں 6 ستمبر یوم عہد، قوم میں 65 والا جذبہ بیدار کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے ہمارے شہدا ہمارا فخر ہیں جنہوں نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کو مار بھگایا قوم کے اندر آج بھی 65 والا جذبہ موجود ہے دشمن کسی غلط فہمی کا شکار نہ ہو پاک فوج کے جوان آج بھی ملک کیخلاف کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں اور پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن کے دفاع کی خاطر 6 ستمبر 1965 کے شہیدوں اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کی پرواہ کئے بغیر پاکستان کی سرحدوں کا دفاع کیا۔

شال بقیہ 16

حلقہ ملک کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے اور حکومت کا فرض ہے کہ ان کو تمام سہولیات فراہم کرے۔ کاروبار میں آسانیاں پیدا کرنا ہماری حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ کورونا وبا سے نمٹنے کے لیے مربوط پالیسی اختیار کی گئی جس میں بیماری سے عوام کا تحفظ اور ساتھ ساتھ معیشت کے پہیے کی روانی کو یقینی بنانا ضروری تھا۔ وزیراعظم نے اس بات پر زور دیا کہ تعمیرات اور اس سے منسلک شعبوں کے فروغ سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کا مقصد کاروبار اور سرمایہ کاری کے نظام میں آٹومیشن لانا ہے جس کی بدولت کاروباری حضرات کو کم سے کم وقت میں اور شفاف طریقے سے کاروبار کرنا ممکن ہو سکے گا۔ وفد نے وزیراعظم کو برآمدات کے فروغ کیلئے اصلاحات کے لیے اہم تجاویز پیش کیں۔

شال بقیہ 17

ادارے کی بہتری کیلئے ضروری اقدامات اٹھائے جاسکیں' ان اقدامات سے محکمہ میں کام کرنے کے بارے میں لوگوں میں آگاہی پیدا کرنے میں بھی مدد ملی گی' انہوں نے مزید کہا کہ محکمانہ کارکردگی کو اجاگر کرنے کیلئے ماہانہ رپورٹ شائع کی جارہی ہے' اور سیمینارز بھی منعقد ہو رہے ہیں' تمام مواد یوٹیوب چینل پر بھی اپلوڈ کیا جارہا ہے' اکبر حسین درانی نے کہا کہ انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کو مضبوط بنانے کے لئے متعدد اقدامات اٹھائے گئے ہیں اور یہ سلسلہ کووڈ 19 صورتحال کے دوران بھی جاری رہا' انہوں نے کہا محکمہ میں موجود عملے کو موثر انداز میں استعمال کرنے کی ضرورت ہے' ملازمین کی ملازمت کی تفصیل واضح ہونی چاہئے کیونکہ اس سے اہداف کے حصول میں مدد ملتی ہے۔

شال بقیہ 18

سندھ سید مراد علی شاہ، صوبائی وزراء سید غنی، ناصر شاہ اور سینئر افسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں وزیراعظم کو کراچی ٹرانسلائیمنٹ پلان کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ کراچی پاکستان کا اہم ترین شہر اور معاشی حب ہے۔ اس کے مسائل کا حل باہمی اشتراک سے ممکن ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مجھے آج خوشی ہے کہ تمام شراکت دار بشمول وفاقی حکومت، پاک فوج اور سندھ کی صوبائی حکومت کراچی کے مسائل حل کرنے کے لیے موجود ہیں۔ وزیراعظم نے کراچی میں ہونے والے حالیہ نقصانات کے ازالے کے لیے وفاقی کی طرف سے ہر ممکن مدد کی یقین دہانی کرائی۔

شال بقیہ 19

کے قاری مہر اللہ، کامریڈ عصمت شاہجہاں نے بھوک ہڑتالی کیمپ کا دورہ کر کے تحریک بحالی بی ایم سی کے رہنماؤں سے اظہار یکجہتی کیا انہوں نے کہا کہ حکومت گورنر بلوچستان کے سامنے بے بس ہے اور صوبائی امور گورنر چلا رہے ہیں تو حکومت کا کیا جواز بنتا ہے حکومت گورنر کے ذریعے اپنے کیے گئے معاہدوں پر عمل درآمد کرنے سے قاصر ہے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیئرمین تحریک حاجی عبداللہ خان صافی، وائس چیئرمین ڈاکٹر الیاس بلوچ، ڈاکٹر غلام مصطفیٰ درگ، میر زبیب شاہوانی، ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ، مشتاق احمد لہڑی نے کہا کہ حکومت بیان بوجھ کر ایسے حالات بنانا چاہتی ہے کہ لوگ مشتعل ہوں، ہمارے کسی بھی ساتھی کو نقصان پہنچا تو وزیراعلیٰ کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے گی۔

شال بقیہ 20

نے کہا کہ ایڈمنسٹریٹر کراچی کے معاملے پر ایم کیو ایم سے مشاورت نہیں کی گئی ہے، ہمارے بے گناہ کارکنان کی بازیابی بھی ایک مسئلہ ہے۔ ایم کیو ایم رہنما نے کہا کہ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کراچی کی مردم شماری درست نہیں ہے تو تمام چیزیں کیسے میسا کی جائیں گی؟۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان میں جو علاقے لکھے ہیں ان سب کے اپنے سیکریٹریٹ قائم ہیں۔ امین الحق نے کہا کہ حکومت کو اپنی ذمہ داری ادا کرنا ہوگی، کے فور اور ایس تھری کے منصوبے پر بھی بات ہوئی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کچھ منصوبے ایک سال اور کچھ تین سال میں مکمل ہوں گے، حکومت کے منصوبے 3 سال میں مکمل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتیں کراچی کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ایک پیج پر ہیں، کمیٹی بنائی گئی ہے جو تمام معاملے کو دیکھے گی۔ امین الحق نے یہ بھی کہا کہ سندھ بھر میں غیر معمولی بارش کے نقصانات ہر بھی بات ہوئی، اجلاس میں وفاقی اور صوبائی حکومت مل کر کراچی کے مسائل حل کرے گی۔

شال بقیہ 21

بجائے واک ان انٹرویوز کا انعقاد کرتے ہوئے نئے ڈاکٹروں کی تعیناتیاں وقت کی اہم ترین ضرورت ہیں، چیئرمین سپریم کونسل ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی سیکریٹری صحت سے پرزور مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے ذریعے نئے ڈاکٹروں کی واک تروانٹرویوز کے ذریعے ایمرجنسی بنیادوں پر تعیناتیاں یقینی بنائی جائیں تاکہ صوبے میں ڈاکٹروں کی قلت اور کورونا کے بڑھتے ہوئے کیسز کے سبب پیدا ہونے والے خدشات کو ازالہ ممکن ہو سکیں۔

شال بقیہ 22

ظلم نہیں کیا اور نہ ہی کوئی انتقامی کارروائیاں کی اور جام غلام قادر خان، جام میر محمد یوسف خان نے بھی ہمیشہ لسبیلہ کی عوام کو عزت دی اسی طرح وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان لاسی عوام کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ ضلع لسبیلہ میں صوبے بھر سے تعلق رکھنے والی بیشتر قومیں آباد ہیں جام کمال خان نے ان کو عزت دی ہے اور جام خاندان نے کبھی بھی تنگ نظری والی سیاست نہیں کی ہے اور یہی وجہ ہے کہ جام کمال خان کو صوبے بھر کے لوگ عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور لسبیلہ کی عوام بھی جام خاندان سے والہانہ محبت کرتی ہے، انہوں نے کہا کہ اسلم بھوتانی کو جام خاندان کے خلاف غلط الزامات لگانا زیب نہیں دیتے، آج لسبیلہ بھر کی عوام اسلم بھوتانی کے جام خاندان کے خلاف غلط الزامات لگانے کی سخت مذمت کرتی ہے۔

شال بقیہ 23

موٹر سائیکل بم دھماکے میں کا مقدمہ سی ٹی ڈی تھانے میں ایس ایچ او پکی بیگ تھانے کی مدعیت میں نامعلوم افراد کے خلاف درج کر لیا گیا مقدمہ میں اقدام قتل، انسداد دہشت گردی، اور ایکسپلوزو ایکٹ کی دفعات درج کی گئی ہیں تاہم اب تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

شال بقیہ 24

کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ حالیہ بارشوں سے لسبیلہ کینال کو بھی مختلف مقامات پر نقصان پہنچا ہے انہوں نے کہا کہ سیکرٹری ایریگیشن کی ہدایت پر لسبیلہ کینال کے متاثرہ حصوں اور بندات کی مرمت کا کام کچھ دنوں پہلے شروع کر دیا ہے توقع ہے کہ لسبیلہ کینال کے متاثرہ حصے کا مرمتی کام آئندہ چند روز میں مکمل کر لیا جائے گا جس کے بعد لسبیلہ کینال کے ذریعے جب اور گڈانی کو پینے اور استعمال کے لئے جب ڈیم سے پانی کی فراہمی شروع کر دی جائے گی انہوں نے کہا کہ حالیہ بارشوں لسبیلہ کینال کے بندات کو بھی چند مختلف مقامات پر نقصان پہنچا ہے جس کا مرمتی کام جاری ہے امید ہے کہ آئندہ کچھ دنوں کے دوران یہ مرمتی کام جلد مکمل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

شال بقیہ 25

بڑے اجتماع کی شکل اختیار کر لی۔ ریلی کے شرکاء نے گستاخ صحابہ کے خلاف سخت الفاظوں میں نعرے بازی کی۔ اس موقع پر ریلی کے شرکاء سے جماعت الصالحین کے صدر علامہ ایاز حسین سلطانی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جلیل القدر صحابی حضرت ابو بکر صدیق کی شان میں نازیبا الفاظ استعمال کر کے گستاخی کی گئی ناقابل برداشت انتہائی غلط عمل ہے جس کی جتنی مزمت کی جائے کم ہے۔ صحابہ کرام کی شان افضل ہے ان کی شان میں گستاخی کرنے والوں کو کبھی معاف نہیں کریں گے انہوں نے حکومت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ صحابہ کی شان میں گستاخی کرنے والے ذاکر جلد گرفتار کر کے سخت سزا دی جائے تاکہ کوئی بھی کسی صحابی کی شان میں دوبارہ گستاخی کرنے کا موجب نا بنے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نے گستاخ صحابہ کو فوری طور گرفتار نہیں کیا تو ملک بھر میں جماعت اہلسنت سراپا احتجاج ہو گئی۔

شال بقیہ 26

برسوں، حادثہ ایک دم نہیں ہوتا، برسوں کی نااہلی کراچی کی موجودہ صورتحال کا سبب بنی۔

شال بقیہ 27

سے پانچ افراد زخمی ہر نائی طالب لیز کے قریب موٹر سائیکل اور ٹریکٹر ٹرالی میں ایکسیڈنٹ کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار زخمی ہوا جنہیں ابتدائی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا شاہرگ کے علاقے میں تیز رفتار موٹر سائیکل بے قابو ہو کر گر گئے جس کے نتیجے میں چار افراد جمال خان، گل شاہ خان، عتیق خان، ثاقب خان قوم اچکزئی سکنہ توبہ کاکڑی زخمی ہوئے جنہیں رورل ہیلتھ سنٹر شاہرگ میں ابتدائی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا۔

شال بقیہ 28

گا۔ اس سلسلے میں صوبائی درلحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں مختلف تقریبات و ریلیوں کا انعقاد کیا جائے گا 6 ستمبر یوم دفاع کا آغاز مساجد میں نماز فجر کے بعد شہداء کیلئے قرآن خوانی اور ملک وقوم کی سلامتی اور استحکام کے لئے خصوصی دعاؤں سے ہوگا جبکہ وطن کے دفاع کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی جائے گی۔

شال بقیہ 29

منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو فائدہ پہنچے گا، اور حکومت عوام کی معیار زندگی بلند کرنے کے لئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز زیر تعمیر نواں کلی بائی پاس کے کام کا معائنہ کے دوران کیا۔ اس موقع پر انکے ہمراہ چیف انجینئر ڈیزائن ڈاکٹر سجاد حسین بلوچ، ٹھیکیدار حاجی اکرم سمیت دیگر بھی موجود تھے، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے نواں کلی بائی پاس پر تعمیراتی کام کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور کام کی رفتار کو مزید تیز کرنے کی ہدایات جاری کی، زیر تعمیر نواں کلی بائی پاس پر جاری کام سے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ نواں کلی بائی پاس منصوبے کی جلد تکمیل چاہتا ہوں تاکہ اس اہم منصوبے سے عوام کو فائدہ پہنچے، نواں کلی بائی پاس ایک اہم شاہراہ ہے حکومت عوام کی معیار زندگی بلند کرنے کے لئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے محکمہ مواصلات و تعمیرات کی کارکردگی بہت بہتر ہو چکی ہے معیاری اور صاف ستھرا کام کا سلسلہ جاری ہے بلوچستان میں محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے تحت جاری زیر تعمیر منصوبے جلد پایہ تکمیل تک پہنچ جائیں گے۔

شال بقیہ 30

نوشیروانی نے کہا ہے کہ چھ ستمبر یوم دفاع ہمیں ان بہادر پاک فوج کے جوانوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے سیالکوٹ سیکٹر میں بھارت کے چار سو ٹینکوں کے نیچے آ کر انہیں تباہ و برباد کیا اور ایک نئی تاریخ رقم کی ان کمانڈوز کی اس بہادری اور جرائتمندی کو تاریخ میں ہمیشہ سنہرے حروف سے لکھا جائے گا اور ان کی اس بہادری کو سن کر آج بھی بھارت کی افواج کے اندر تھرتھری سی مچ جاتی ہے ہم اپنے ان بہادر جوانوں کو خراج عقیدت اور سرخ سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے پاکستان کے دفاع کیلئے عظیم قربانی دی لاہور میں بلوچستان عوامی پارٹی کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر نائب صدر اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا کہ پاکستان کی طاقت اس کی پاک فوج اور ادارے ہیں ملک کے سیاستدانوں کو بھی چاہیے کہ وہ ملک کی بقا اور سلامتی کیلئے پاک فوج کے ہاتھ مضبوط کریں۔

شال بقیہ 31

معالجے کی سہولیات کے فقدان کے حوالے سے نوٹس لے لیا۔ ہفتہ کو وزیر برائے آبی وسائل فیصل واوڈا کی وساطت سے غذائی کمی کے شکار بچوں اور ان کے والدین کے وفد نے وزیراعظم سے ملاقات کی۔ والدین نے بچوں کے حوالے سے درپیش علاج کی سہولیات کے فقدان کے بارے و

حالیہ بارشوں نے سندھ حکومت کی کارکردگی کی قلعی کھول دی ہے

سراج الحق

پچاس فیصد سے زائد فصلیں تباہ ہوگئیں 12،12 گھنٹے بجلی نہیں ہے، سیوریج اور ڈرینج کا نظام تباہ ہوگیا لوگ مدد کے لیے پکار رہے ہیں

سندھ حکومت ناکامی کے ریکارڈ توڑ چکی ہے، عوام حکمرانوں کے چہروں کو نہیں اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں، امیر جماعت اسلامی کی پریس کانفرنس

خضدار بی ایس او کے مرکزی کمیٹی کے رکن عبدالحفیظ بلوچ ودیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

حیدرآباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ حالیہ بارشوں نے سندھ حکومت کی کارکردگی کی قلعی کھول دی ہے۔ سندھ حکومت کہیں دکھائی نہیں دیتی، سندھ حکومت ناکامی کے ریکارڈ توڑ چکی ہے، سندھ میں پیپلز پارٹی کی حکومت کے باوجود وزیراعظم کو یہاں کا دورہ کرنا چاہیے، ہیں، عوام حکمرانوں کے چہروں کو نہیں اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں۔ پچاس فیصد سے زائد فصلیں تباہ ہوگئیں 12،12 گھنٹے بجلی نہیں ہے، سیوریج اور ڈرینج کا نظام تباہ ہوگیا لوگ مدد کے لیے پکار رہے ہیں۔ نہ وزیراعظم عوام کی دادرسی کے لیے آئے نہ صوبائی حکومت نے فوٹو سیشن سے آگے بڑھ کر کوئی کام کیا، بلاول بھٹو زرداری بھی کراچی سے باہر نہیں نکل رہے، صوبائی اور وفاقی بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

تعلیمی اداروں کی بندش سے اب تک سینکڑوں سکولز بند ہوچکے ہیں، نورالدین غلزئی

حکومت والدین کی طرف سے فیس ادا کرے حکومت کو جو 12 سو ارب روپے ملے ہیں

اگر حکومت نے تعلیمی ادارے نہیں کھولے تو اسلام آباد سمیت پورے ملک میں احتجاج ہوگا، ریجنل ڈائریکٹر فاضل بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ریجنل ڈائریکٹر فاضل بلوچستان نورالدین غلزئی نے کہا ہے کہ پاکستان کے تمام تعلیمی اداروں کو کھول دیا جائے مرحلہ وار کے بجائے بلا تفریق تمام کلاسز میں تعلیم کا سلسلہ شروع اور نجی تعلیمی اداروں کیلئے ریلیف پیکج کا اعلان بھی کیا جائے تعلیمی اداروں کی بندش سے اب تک سینکڑوں اسکولز بند ہوچکے ہیں اگر حکومت نے تعلیمی ادارے نہیں کھولے تو اسلام آباد سمیت پورے ملک میں احتجاج ہوگا۔ یہ بات انہوں نے پروفیسر عبدالواحد ناصر، عبدالحلیم ترین، رحیم الدین کے ہمراہ بلنہ کوئٹہ بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا 72 واں یوم وفات 11 ستمبر کو عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائیگا

احمد یار (این این آئی) بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا 72 واں یوم وفات 11 ستمبر کو نہایت ہی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائے گا اس دن کی مناسبت سے احمد یار سمیت ملک بھر میں مختلف سیاسی وسماجی جماعتوں کے زیر اہتمام تقاریب سیمینارز، کانفرنسز اور پروگرامز منعقد کیے جائیں گے۔ اور فاتحہ خوانی کا اہتمام بھی کیا جائے گا۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح 11 ستمبر 1948 کو انتقال کرگئے تھے۔

عوام کو سندھ حکومت کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑ سکتے، وزیر اطلاعات

کراچی کے مسائل ہمارے مسائل ہیں، سندھ حکومت نے 12 میں شہر قائد کو تباہ حال کیا

عمران خان کراچی کی رونقیں اور بطور صنعتی شہر حقیقی شناخت بحال کرنے کیلئے پرعزم ہیں، شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ کراچی کے مسائل ہمارے مسائل ہیں، عوام کو سندھ حکومت کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑ سکتے۔ بلنہ کو اپنے بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ کراچی پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے مسائل ہمارے مسائل ہیں، کراچی کے عوام کو سندھ حکومت کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑ سکتے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ سندھ حکومت نے 12 سالہ طویل اقتدار بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری نے تحصیل ناناصاحب میں بی ایچ یو کیلئے ایمبولینس دینے کے بعد علاقے کے معتبرین سے ملاقات کررہے ہیں

یوم دفاع پاکستان (آج) روایتی جوش وخروش سے منایا جائے گا

احمد یار (این این آئی) یوم دفاع پاکستان آج 6 ستمبر بروز اتوار کو روایتی جوش وخروش سے منایا جائے گا اس سلسلے میں وفاقی دارالحکومت، آزاد کشمیر، شمالی علاقہ جات، گلگت و بلتستان، احمد یار اور چاروں صوبوں سمیت ملک بھر میں مختلف بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں بھارت کے منہ پر ایک اور طمانچہ، مسئلہ کشمیر کو ایجنڈے سے خارج کرنے کا مطالبہ مسترد کردیا گیا

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں بھارت کے منہ پر ایک اور طمانچہ، مسئلہ کشمیر کو ایجنڈے سے خارج کرنے کا مطالبہ مسترد کر دیا گیا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق اقوام متحدہ میں کشمیر کے مسئلے کو سیکورٹی کونسل کے بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

سندھ میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس سے کسی مریض کا انتقال نہیں ہوا، صرف 230 نئے کیسز سامنے آئے ہیں، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس سے کسی مریض کا انتقال نہیں ہوا، جبکہ صرف 230 نئے کیسز سامنے آئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صوبے میں کورونا وائرس کی صورتحال پر اعداد وشمار پر مبنی بیان جاری کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 9 ہزار 738 افراد کے کورونا کے ٹیسٹ ہوئے جن میں سے صرف 230 افراد میں مہلک وائرس پازیٹو آیا ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق اب تک سندھ میں 10 لاکھ 36 ہزار بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

لورالائی میں کالے اور وائٹ پلاسٹک شیشوں والی گاڑیوں کی بھرمار

جرائم پیشہ عناصر کے زیر استعمال گاڑیوں سے قانون کی خلاف ورزی ہونے کیساتھ عوام میں خوف وہراس پھیلنے لگا

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں کالے اور وائٹ پلاسٹک شیشوں والی گاڑیوں کی بھرمار جرائم پیشہ عناصر کے زیر استعمال گاڑیوں سے قانون کی خلاف ورزی ہونے کے ساتھ ساتھ عوام میں خوف وہراس بھی پھیل رہا ہے تفصیلات کے مطابق ان گاڑیوں میں قانون شکن اور منشیات فروش اور دہشت گرد عناصر کوئی بھی واردات کرسکتے ہیں اور بڑی آسانی کے ساتھ فرار ہونے میں کامیاب بھی ہوجاتے ہیں پولیس کبھی کبھار ان گاڑیوں کے خلاف وقتی طور پر تو مہم شروع کرتی ہے لیکن وہ مستقل بنیادوں پر نہیں ہوتی بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

روس دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستانی قربانیوں کا معترف

چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کی روس کے چیف آف جنرل سٹاف سے ملاقات، دوطرفہ تعاون پر گفتگو

ماسکو (این این آئی) روس نے دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستانی قربانیوں کا اعتراف کیا ہے۔ بلنہ کو چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی (سی جے سی ایس سی) جنرل ندیم رضا نے روس کا دورہ کیا اور روس کے چیف آف جنرل سٹاف سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کی مسلح افواج کے درمیان تعاون پر بات چیت کی گئی۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

متحدہ عرب امارات کا تین سے پانچ ماہ میں اسرائیل میں اپنا سفارتخانہ کھولنے کا اعلان

سفارتخانے سمیت بائکہ اور ناصر وشہروں میں قونصل خانے کھولنے کے امور پر بھی کام جاری ہے، وزارت خارجہ

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے ایک اعلیٰ سطحی افسر نے کہا ہے کہ 3 تا 5 ماہ کی مدت کے اندر اسرائیل میں ہم اپنا سفارتخانہ کھول دیں گے۔ اسرائیلی اخبار کے مطابق متحدہ عرب امارات کے دفتر خارجہ کے ایک افسر کہ جس کا نام نظر نہ کہا گیا کا کہنا تھا کہ 3 تا 5 ماہ کے اندر اسرائیلی شہری متحدہ عرب امارات کا ویزا حاصل کرسکیں گے۔ دفتر خارجہ کے اسی افسر کا کہنا تھا کہ سفارتخانے سمیت بائکہ اور ناصرہ شہروں میں قونصل خانے کھولنے کے امور پر بھی کام جاری ہے۔

ایران میں کلورین دھماکے میں 217 افراد زخمی، ہلاکتوں کا خدشہ

تہران (این این آئی) ایران میں ترک کے ذریعے کلورین گیس سے بھرے سلنڈرز کی منتقلی کے دوران دھماکا ہوگیا جس کے نتیجے میں 217 افراد زخمی ہوگئے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق مغربی ایران میں کلورین گیس کے سلنڈرز کو ٹرک کے ذریعے منتقل کیا جارہا تھا کہ اس بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال میں شہری کی ہلاکت اور میڈیکل آفیسر پر مقدمے کا معاملہ

سیاسی جماعتوں کا ہنگامی اجلاس شہری کی ہلاکت پر جوڈیشل انکوائری اور ملوث میڈیکل آفیسر کو شعبہ بدر کرنے کا مطالبہ

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال میں شہری کی ہلاکت اور میڈیکل آفیسر پر مقدمے کا معاملہ، پیرامیڈیکس کا تیسرے روز بھی احتجاج ڈی کا بائیکاٹ ہزاروں مریض رل گئے مختلف سیاسی جماعتوں کا ہنگامی اجلاس شہری کی ہلاکت پر جوڈیشل انکوائری اور ملوث میڈیکل بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

پارٹی نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا ہے نواز شریف اپنا علاج مکمل کروا کر واپس آئیں، شاہد خاقان عباسی

عاصم باجوہ کا استعفیٰ پی ٹی آئی کا معاملہ ہے، مریم نواز کا اے پی سی میں شرکت کا فیصلہ نہیں ہوسکا، سابق وزیراعظم

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما وسابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ نواز شریف کی صحت پر پارٹی نے مشاورت کے بعد متفقہ طور پر فیصلہ کیا ہے کہ نواز شریف اپنی صحت پر توجہ دیں اور نواز شریف اپنا علاج مکمل کروا کر واپس آئیں، مریم نواز کا اے پی سی بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

تربت مشترکہ قانون ان معاملہ انجمن ایڈووکیٹ، بلوچستان بار کونسل کے ممبر مصطفیٰ کچی ایڈووکیٹ کے بھائی ڈاکٹر جنید کچی کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

ضلع بھر کے بلدیاتی حلقوں سے اپنے امیدوار کھڑے کرینگے، لالا منان افغان

اے این پی لسبیلہ آئندہ ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی، عوامی نیشنل پارٹی

حب (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی ضلع لسبیلہ کے صدر لالہ منان افغان نے کہا ہے کہ اے این پی لسبیلہ آئندہ ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی، ضلع بھر کے بلدیاتی حلقوں سے اپنے امیدوار کھڑے کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز اے این پی ونڈر یونٹ کے عہدیداروں سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ لالہ منان افغان نے کہا کہ بلدیاتی ادارے نچلی سطح پر عوام کے بنیادی مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں بلدیاتی انتخابات میں تاخیر سے عوامی مسائل میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے۔

شہداد کوٹ سندھ سے ڈیڑھ ماہ قبل اغوا ہونے والا کمسن بچہ ڈاکوؤں کی چنگل سے فرار

کمسن بچے کو فیملی کورٹ میں پیش کرنے کے بعد سندھ پولیس کے ذریعے ورثاء کے حوالے کردیا گیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) شہداد کوٹ سندھ سے ڈیڑھ ماہ قبل اغوا ہونے والا کمسن بچہ ڈاکوؤں کی چنگل سے بھاگ کر ڈیرہ اللہ یار پولیس کے ہتھے چڑھ گیا کمسن بچے کو فیملی کورٹ میں پیش کرنے کے بعد سندھ پولیس کے ذریعے ورثاء کے حوالے کردیا گیا ایس ایس پی جعفر آباد سید علی آصف شاہ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ ڈیڑھ ماہ قبل نامعلوم افراد نے شہداد کوٹ سندھ سے گدھا گاڑی چلا بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

حب ایکسین ایریگیشن حب عبدالجبار زہری کی نگرانی میں لسبیلہ کینال کے متاثرہ حصوں کی مرمت کا کام کیا جارہا ہے

ایران کے مغربی صوبے ایلام میں کلورین گیس دھماکا، 217 افراد زخمی

تہران (این این آئی) ایران کے مغربی صوبے ایلام میں کلورین گیس دھماکے کے نتیجے میں 217 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمی ہونے والوں کو اسپتال منتقل کردیا گیا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ٹرمپ فراڈیا، اس کی کوشش ہے الیکشن ملتوی کردیے جائیں، جو بائیڈن

زندگی میں کسی شخص سے اس قدر مایوس نہیں ہوا جتنا ڈونلڈ ٹرمپ سے ہوا، ڈیموکریٹ صدارتی امیدوار

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے ڈیموکریٹ صدارتی امیدوار جو بائیڈن نے ری پبلکن حریف اور موجودہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو فراڈیا کہہ دیا ہے اور دعویٰ کیا ہے کہ ٹرمپ کی مکمل طور پر کوشش یہی ہے کہ الیکشن ملتوی کردیے جائیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ڈیلاویئر میں خطاب کرتے ہوئے جو بائیڈن بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان میں اس وقت ڈھائی سو یتیم بچوں کی کفالت کررہا ہے، احسان اللہ وقاص

تمام بورڈز سمیت صوبے بھر کے 5000 متاثرہ مدارس، مساجد، عبادت خانوں، خواتین ورینگ سنٹرز پر خاتمہ پر کے جس پر نہیں اکاؤنٹ پر ادائیگی

کوئٹہ (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے مرکزی سینئر نائب صدر احسان اللہ وقاص نے کہا ہے کہ الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان میں اس وقت ڈھائی سو یتیم بچوں کی کفالت کررہا ہے وسائل ملنے پر اس میں مزید اضافہ کریں گے۔ ان بچوں کے تعلیمی اخراجات خوراک تعلیمی ضروریات اور تربیت الخدمت فاؤنڈیشن کے ذمہ ہیں قیمتوں کی کفالت پر گزشتہ سال ڈیڑھ کروڑ خرچ کیے یہ سلسلہ سالہا سال جاری رہتا ہے۔

پاکستان پیپلز پارٹی کی ساجد گوندل کے مبینہ طور پر اغوا کی شدید مذمت

دن دھاڑے وفاقی دارالحکومت سے ایک افسر کا اغوا ہونا باعث تشویش اور بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے، نفیسہ شاہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے ساجد گوندل کے مبینہ طور پر اغوا کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دن دھاڑے وفاقی دارالحکومت سے ایک افسر کا اغوا ہونا باعث تشویش اور بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ اپنے بیان میں نفیسہ شاہ نے کہا کہ وفاقی حکومت اور وزارت انسانی حقوق کی خاموشی مجرمانہ غفلت ہے، ایس ایس پی کے مبینہ طور پر اغوا ہونے والے افسر کو فوری بازیاب کروایا جائے۔

پنجاب میں دو سالوں میں تیز ترین ترقی پر بزدار سرکار مبارکباد کی مستحق ہے، عامر مغل

پنجاب بھر میں نئے اکنامک زون، نئی یونیورسٹیاں، نئے کالجز، نئے ہسپتال، راوی ریور ویلی، سمیت 1300 تعمیر وترقی کے منصوبے جاری ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان پنجاب حکومت و مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات تحریک انصاف عامر مغل نے کہا ہے کہ پنجاب میں دو سالوں میں تیز ترین ترقی پر بزدار سرکار مبارکباد کی مستحق ہے۔ اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ پنجاب سے دن میں شوکا خاتمہ ہو چکا ہے، دو سال میں عثمان بزدار نے پنجاب کی ترقی کی بنیاد رکھ دی ہے، پنجاب بھر میں نئے اکنامک زون، نئی یونیورسٹیاں، نئے کالجز، نئے ہسپتال، راوی ریور ویلی سمیت 1300 تعمیر وترقی کے منصوبے جاری ہیں۔

پی ٹی آئی حکومت کا احتساب فراڈ اور دھوکہ ہے، حکومت میں شامل گندم، شوگر اور چینی مافیاز نے اربوں کمائے، سینیٹر مشتاق احمد

کابینہ میں شامل غیر ملکی سیکرٹری رسک ہیں، قرضوں کی شرح میں دگنا اضافہ ہوا، دو سالہ کارکردگی جانچنے اور ناپنے کے لئے کافی ہے، میڈیا سے گفتگو

ایبٹ آباد (این این آئی) نمبر پاکستان خواجہ جماعت اسلامی کے امیر سینیٹر مشتاق احمد خان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی حکومت کا احتساب فراڈ اور دھوکہ ہے، حکومت میں شامل گندم، شوگر اور چینی مافیاز نے اربوں کمائے، کابینہ میں شامل غیر ملکی سیکرٹری رسک ہیں، قرضوں کی شرح میں دگنا اضافہ ہوا، دو سالہ کارکردگی جانچنے اور ناپنے کے لئے کافی ہے، حکومت مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کے سہارے کھڑی ہے فریڈل اپوزیشن سے کراچی سے چترال تک بدترین مہنگائی ہے۔

اوتھل بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی رہنما چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ کی قیادت میں بلوچستان عوامی پارٹی رہنما سردار رسول بخش بروہی، رہا کنگا پر پریس کانفرنس کررہے ہیں

ملک بھر میں چوبیس گھنٹوں میں کورنا کے مزید پانچ مریض چل بسے، 513 نئے کیسز

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں چوبیس گھنٹوں میں کورنا کے مزید پانچ مریض چل بسے، 513 نئے کیسز سامنے آگئے۔ بلنہ کو نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں 513 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران 5 افراد کورونا کے باعث انتقال کرگئے۔

بلنہ پولیس نے میرے شوہر کے قاتلوں کو تھانے سے چھوڑ دیا ہے اور یہ قاتل ہماری فیملی کو دھمکیاں دے رہے ہیں، بشیر احمد

کوئٹہ (این این آئی) بشیر احمد کی بیوہ نے کہا ہے کہ بلنہ پولیس نے میرے شوہر کے قاتلوں کو تھانے سے چھوڑ دیا ہے اور یہ قاتل ہماری فیملی کو دھمکیاں دے رہے ہیں میرا شوہر جہانگیر خان کے ٹرک پر کلینر تھا کچھ عرصہ پہلے میرے شوہر اور جہانگیر خان میں تکرار کی رقم پر لڑائی ہوئی تھی جس پر میرے شوہر نے کلینری چھوڑ دی جس پر جہانگیر اور اس کے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

کرونا وائرس کی وجہ سے آنے والے تعطل کے باعث انسداد پولیو کی مہم 4 ماہ تک متواتر چلانے کا فیصلہ

رواں ماہ قومی انسداد پولیو مہم، اکتوبر اور نومبر میں ذیلی قومی انسداد پولیو مہم، دسمبر میں پھر قومی انسداد پولیو مہم چلائی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) کرونا وائرس کی وجہ سے آنے والے تعطل کے باعث انسداد پولیو کی مہم 4 ماہ تک متواتر چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اب تک ملک میں رواں برس پولیو کیسز کی تعداد 68 ہوچکی ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت نے کرونا وائرس سے انسداد پولیو مہم کو پہنچنے والے نقصان کے ازالے کا فیصلہ کرلیا، رواں سال کی آخری سہ ماہی میں متواتر انسداد پولیو مہمات چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

اسد عمر اور شہزاد سید قاسم کی کے الیکٹرک کے ساتھ ملاقات، مختلف امور پر غور

پاور ڈویژن، پھر اا این ٹی ڈی سی، سی پی پی اے اور کے الیکٹرک کے نمائندوں پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر اور وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے پاور شہزاد سید قاسم کی کے الیکٹرک کے ساتھ کراچی میں اہم ملاقات ہوئی جس میں پاور ڈویژن، پھر اا این ٹی ڈی سی، سی پی پی اے اور کے الیکٹرک کے نمائندوں پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جائے گی، کمیٹی سپریم کورٹ کے احکامات کے مطابق کوارڈینیشن اور ون ونڈو عمل درآمد کیلئے کام کرے گی، کے الیکٹرک کے بورڈ کو بھی کراچی میں واٹر بجلی فراہمی کیلئے ہدایات جاری کی گئیں، کے الیکٹرک کو جامع اور مربوط بجلی فراہمی اور مستقل میں ان حالت سے نمٹرد آزاد ہونے کیلئے پلان بنانے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں۔

تربت سماجی کارکن آرٹسٹ اور ٹی وی میزبان شاہینہ شاہین اسرار طور پر قتل

مقتولہ کو ایک شخص زخمی حالت میں ہسپتال چھوڑ کر فرار ہوگیا واقعہ گھریلو ناچاکی کا شاخسانہ معلوم ہوتا ہے

محراب نامی شخص اپنی گاڑی میں شاہینہ شاہین کو زخمی حالت میں ہسپتال چھوڑ کر فرار ہوگیا تھا، انہیں دو گولیاں لگی تھیں

کوئٹہ صوبائی وزیر پی ایچ ای واسا نور محمد دمڑ سے ان کی رہائش پر صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ عمر جمالی ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ/تربت (این این آئی) بلوچستان کے علاقے تربت میں معروف سماجی کارکن، آرٹسٹ اور ٹی وی میزبان شاہینہ شاہین کو پراسرار طور پر فائرنگ کرکے قتل کردیا، پولیس کا کہنا ہے کہ مقتولہ کو ایک شخص زخمی حالت میں ہسپتال چھوڑ کر فرار ہوگیا واقعہ گھریلو ناچاکی کا شاخسانہ معلوم ہوتا ہے۔ ایس ایس پی کیچ نجیب اللہ چدرانی نے بتایا کہ محراب نامی شخص اپنی گاڑی میں شاہینہ شاہین کو زخمی حالت میں ہسپتال چھوڑ کر فرار ہوگیا تھا، انہیں دو گولیاں لگی تھیں جس کے باعث وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے وہ ہسپتال میں جاں بحق ہوگئیں، پولیس نے نقش ضروری کارروائی کے بعد انکے ماموں کے حوالے کردی۔ ایس ایس پی بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

عالمی ایجنڈے کے تحت پاکستان میں ایک بار پھر فرقہ واریت اور خانہ جنگی کا ماحول پیدا کیا جارہا ہے، جمعیت علماء اسلام لسبیلہ

لسبیلہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام لسبیلہ کی ضلعی مجلس عمومی کا اجلاس ضلعی ہیڈ کوارٹر اتھل میں جامعہ مدینہ اتھل میں زیر صدارت مرکزی نائب امیر مولانا غلام قادر قاسمی منعقد ہوا کرونا وائرس میں تنظیمی کاموں کے بعد جمعیت علماء اسلام کا باقاعدہ تنظیمی سرگرمیاں تیز کرنے کے حوالے سے پہلا مجلس عمومی بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

یوکرین سے 65 ہزار میٹرک ٹن گندم لے کر جہاز پاکستان پہنچ گیا، درآمدی گندم کے دوسرے جہاز کو کوائی چیکنگ کے بعد کلیئر

اسلام آباد (این این آئی) یوکرین سے 65 ہزار میٹرک ٹن گندم لے کر جہاز پاکستان پہنچ گیا، درآمدی گندم کے دوسرے جہاز کو کوائی چیکنگ کے بعد کلیئر کردیا گیا۔ وزارت قومی غذائی تحفظ کے اعلامیے کے مطابق درآمدی گندم کے دوسرے جہاز کی کوائی کا جائزہ محکمہ پلانٹ پروٹیکشن کی ٹیم نے لیا۔

سی سی پی او آپ آئے ہیں تو آپ کو جانا بھی ہے، آپ یہاں ہمیشہ نہیں رہیں گے، رانا ثنا اللہ

مریم نواز کی پیشی پر آنے والوں کیخلاف مقدمے میں دہشتگردی کی دفعات شامل کرنا قابل مذمت ہے، صدر (ن) لیگ پنجاب

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ مریم نواز کی پیشی پر آنے والوں کیخلاف مقدمے میں دہشتگردی کی دفعات شامل کرنا قابل مذمت ہے، سی سی پی او لاہور کو لایا ہی اسی مقصد کیلئے گیا ہے، سی سی پی او لوگوں کو انتقام کا نشانہ بنا رہے ہیں، اپوزیشن کو حکومت کے خلاف سڑکوں پر آنا چاہیے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سی سی پی او خود کہتے ہیں کہ مجھے لایا ہی اس مقصد کے لئے گیا ہے، ہم انہیں کہتے ہیں کہ آپ آئے ہیں تو آپ کو جانا بھی ہے، آپ یہاں ہمیشہ نہیں رہیں گے۔

نیوزی لینڈ، تین ماہ کے وقفے کے بعد کرونا سے پہلی موت کا اندراج

ویلنگٹن (این این آئی) نیوزی لینڈ میں حکام نے اعلان کیا ہے کہ ملک میں تین ماہ سے زیادہ عرصے کے بعد ایک بار پھر کرونا وائرس کے سبب کسی شخص کی موت کا اندراج ہوا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وزارت صحت کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ فوت ہونے والے شخص کی عمر 50 برس ہے۔ اگست میں کرونا سے متاثر ہونے والا یہ شہری آکلینڈ کے میڈلمور ہسپتال میں زیر علاج تھا۔ اس طرح نیوزی لینڈ میں اس وبائی مرض سے متاثر ہوکر بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

عاصم سلیم باجوہ کا کیس پانامہ کیس سے مماثلت رکھتا ہے، حافظ حسین احمد

الزامات کے باوجود اگر عاصم باجوہ اپنے عہدوں پر قائم رہے تو پھر ثابت ہوگا کہ احتساب کے نام پر صرف ڈھونگ رچایا گیا

تب تک عہدوں سے الگ رہیں، عاصم باجوہ جب تک خود کو عدالت سے بے گناہ ثابت نہیں کرتے، جمعیت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ترجمان وسابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے عاصم سلیم باجوہ سے سی پیک کی سربراہی سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ عاصم سلیم باجوہ جب تک عدالت جاکر خود کو بے گناہ ثابت نہیں کرتے تب تک وہ سی پیک کی سربراہی سے الگ ہوجائیں اگر اب بھی وہ اپنے عہدوں پر قائم رہے تو پھر ثابت ہوگا کہ احتساب کے نام پر صرف ڈھونگ بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری تحصیل ناناصاحب میں بی ایچ او کیلئے ہسپتال کو ایمبولینس کی چابیاں دے رہے ہیں

کوسووا نے اسرائیل سے سفارتی تعلقات استوار کرنے پر رضامندی ظاہر کردی

واشنگٹن/تل ابیب/جوزف جیش (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ یورپ کی جنوب ایشیائی جمہوریہ کوسووا اور اسرائیل نے باہمی سفارتی تعلقات استوار کرنے پر رضامندی ظاہر کردی ہے۔ عالمی فیصلہ دنیا بھر کے ملکوں کو تل ابیب بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

ایران نے یورینیم ذخائر مقررہ حد سے دس گنا زیادہ افزودہ کیے، آئی اے ای اے

ویانا (این این آئی) بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) نے کہا ہے کہ ایران اپنے افزودہ شدہ یورینیم کے ذخائر میں مسلسل اضافہ کررہا ہے۔ آئی اے ای اے کے معائنہ کاروں نے ایران کی وہ جوہری تنصیبات میں سے ایک کا دورہ کیا ہے۔

رہا ہونے والے افغان طالبان کا جنگ کے محاذوں پر واپس جانے کا انکشاف

کابل (این این آئی) امریکی جریدے نے انکشاف کیا ہے کہ افغان طالبان تحریک سے تعلق رکھنے والے زیادہ تر قیدی اپنی رہائی کے بعد لڑائی کی کارروائیوں کی طرف لوٹ رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ انکشاف ایسے وقت میں سامنے آیا جب رواں ہفتے افغان حکومت اور طالبان کے درمیان امن بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

بنگلا دیش کی مسجد میں خوفناک دھماکا اور آتشزدگی، 16 نمازی شہید

دھماکا ایئر کنڈیشنر میں ہوا اور آگ بھڑک اٹھی، عینی شاہدین کی گفتگو

صوبائی حکومت نے مسجد میں دھماکے کی تحقیقات کے لیے ایک انکوائری کمیٹی تشکیل دیدی

ڈھاکا (این این آئی) بنگلا دیش کے دارالحکومت کی جامع مسجد میں زوردار دھماکا ہوا ہے جس کے نتیجے میں 16 نمازی شہید اور 25 زخمی ہوگئے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق بنگلا دیش کے شہر برائن گنج کی ایک مسجد میں زوردار دھماکا ہوا اور آگ بھڑک اٹھی، دھماکا اتنا شدید تھا کہ نہ صرف مسجد کی عمارت کو نقصان پہنچا بلکہ آس پاس کی عمارتیں بھی لرز گئیں۔ دھماکے میں شدید زخمی 38 نمازیوں کو ہسپتال لے جایا گیا جہاں 12 نمازیوں کی جاں بحق ہونے کی تصدیق کردی گئی جبکہ 25 زخمی ہیں جن میں سے 4 کی حالت نازک تھی بعد ازاں دو بھی بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے